کوئٹہ بلوچستان اور راولاکوٹ آزادکشمیر سے بیک وقت شائع ہونیوالا پہلا قومی اخبار

Daily FARZAND-E-KASHMIR Quetta
ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
روزنامہ فرزندِ کشمیر
کوئٹہ
راولاکوٹ
بانی: محمد شوکت

Web:- www.farzand-e-kashmir.pk

جلد 18 | جمعرات 03 ستمبر 2026ء | 20 ربیع الاول 1448ھ | قیمت 5 روپے | شمارہ نمبر 464

پاکستان کرغزستان تجارت 200 ملین ڈالر تک بڑھانے کا عزم رکھتے ہیں

شہباز شریف

پاکستان اور کرغزستان کے درمیان تعلیم، صحت، تجارت، ماحولیاتی تبدیلی، سائنس و ٹیکنالوجی سمیت مختلف شعبوں میں تعاون کے فروغ کے معاہدوں، مفاہمت کی یادداشتوں پر دستخط

کاسا 1000 منصوبے کی بروقت تکمیل ضروری ہے، دہشت گردی، انتہا پسندی اور دیگر عصری خطرات سے نمٹنے کیلئے تعاون بڑھائیں گے، وزیر اعظم

بشکیک (این این آئی) پاکستان اور کرغزستان نے تعلیم، صحت، تجارت، ماحولیاتی تبدیلی، سائنس و ٹیکنالوجی سمیت مختلف شعبوں میں تعاون کے فروغ کیلئے متعدد معاہدوں اور مفاہمت کی یادداشتوں پر دستخط کر دیئے اور دونوں ممالک نے تعلیم، صحت، تجارت، ماحولیاتی تبدیلی، سائنس و ٹیکنالوجی، ماحولیاتی تبدیلیوں اور ثقافت سمیت مختلف شعبوں میں تعلقات کو فروغ دینے اور اقتصادی شراکت داری کو نئی بلندیوں پر لے جانے کیلئے عملی اور نتیجہ خیز اقدامات پر اتفاق کیا ہے جبکہ وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ کرغزستان وسطی ایشیا میں پاکستان کا اہم شراکت دار ہے، دونوں ممالک کے درمیان رابطہ داری تجارت معاہدہ خوش آئند پیشرفت ہے، معاہدوں اور مفاہمت کی یادداشتوں پر دستخط (بقیہ 2 صفحہ 3 پر)

بشکک، وزیراعظم شہباز شریف اور کرغزستان کے صدر صادر نورزا پاروف مشترکہ پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

بدامنی قبضہ گروقوتوں کی پیدا کردہ ہے، جہاں وسائل وہاں دہشتگردی پھیلائی جارہی ہے

پشتونخوا وطن کو مختلف سازشوں کے ذریعے تباہی و بربادی کے دہانے پر لا کھڑا کیا گیا ہے

کوئٹہ (این این آئی) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے مرکزی سیکرٹری نواب محمد ایاز خان جوگیزئی نے پشتونخوا میپ کے چیئرمین ملک محمود خان اچکزئی کی دعوت پر کوئٹہ میں 31,30 اگست اور یکم ستمبر 2026 منعقدہ سہ روزہ پشتون قومی جرگہ (جنوبی پشتونخوا) کے اختتام پر صدارتی خطاب کرتے ہوئے کہا کہ کامیاب تاریخی جرگہ کے انعقاد پر جنوبی پشتونخوا کے (بقیہ 19 صفحہ 3 پر)

روایتی اور ابھرتے ہوئے بحری خطرات کیخلاف جنگی تیاری، مشق میں بحری جہاز، آبدوزیں، ہوائی جہاز اور جدید ڈرون سسٹمز شامل ہیں

پاکستان نیوی کی بڑی بحری مشق سی اسپارک شروع

مشق میں اسپیشل فورسز، پاک فوج اور پاک فضائیہ کے مشترکہ دستے بھی شریک ہیں، آئی ایس پی آر

مشق میں سمندری، فضائی، زمینی، سائبر اور خلائی معاون صلاحیتوں کو مربوط کیا جا رہا ہے،

راولپنڈی (این این آئی) روایتی اور ابھرتے ہوئے بحری خطرات کیخلاف جنگی تیاریوں کا جائزہ کے لیے پاکستان نیوی کی بڑی بحری مشق سی اسپارک 2026 کراچی میں شروع ہوگئی۔ آئی ایس پی آر کے مطابق نیول چیف ایڈمرل نوید اشرف نے بحری مشق سی اسپارک 2026- کی افتتاحی بریفنگ کی صدارت کی، پاکستان کی مسلح افواج کے سینئر افسران بھی اس موقع موجود تھے۔ شعبہ تعلقات عامہ کے مطابق مشق روایتی اور ابھرتے ہوئے بحری خطرات کیخلاف جنگی تیاریوں کا جائزہ لیتی ہے، مشق میں بحری جہاز، آبدوزیں، ہوائی جہاز اور جدید ڈرون سسٹمز شامل ہیں، مشق میں اسپیشل فورسز، پاک فوج اور پاک فضائیہ کے مشترکہ دستے بھی شریک ہیں۔ اس سے قبل چیف آف دی نیول اسٹاف نے پاک بحریہ کے فلیٹ یونٹس کا دورہ کیا اور جاری آپریشنز کا جائزہ لیا، نیول چیف نے افسران اور جوانوں سے خطاب کیا۔ نیول چیف نے کہا کہ بدلتا ہوا سکیورٹی ماحول غیر متزلزل تیاری، مسلح افواج کے درمیان تعاون، حالات کے مطابق (بقیہ 1 صفحہ 3 پر)

ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی یونائٹڈ نیشن ڈیولپمنٹ پروگرام UNDP کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

وفاق بلوچستان کے عوام کی ترقی، خوشحالی اور مسائل کے حل کیلئے ہر ممکن تعاون جاری رکھے گا' ایاز صادق

اسپیکر قومی اسمبلی کی بلوچستان آمد ہمارے لیے باعث مسرت اور باعث عزت ہے، وزیراعلی سرفراز بگٹی

کوئٹہ (این این آئی) اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے بدھ کو چیف منسٹر سیکرٹریٹ کوئٹہ کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، صوبائی کابینہ کے اراکین اور حکومتی و اپوزیشن اراکین سے ملاقات کی۔ اس موقع پر باہمی دلچسپی کے امور، بلوچستان کی ترقی، عوامی مسائل اور صوبے میں جمہوری و پارلیمانی روایات کے فروغ پر تبادلہ خیال کیا گیا اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق کی کوئٹہ آمد کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ ان کی بلوچستان آمد ہمارے لیے باعث (بقیہ 5 صفحہ 3 پر)

امریکہ نے ایران کے خلاف ٹینکر کے بدلے ٹینکر پالیسی شروع کردی

واشنگٹن (این این آئی) امریکہ نے ایران کے ساتھ آبنائے ہرمز (بقیہ 6 صفحہ 3 پر)

وزیراعظم شہباز شریف کی بشکیک میں صدارتی محل آمد، گارڈ آف آنر پیش

کرغزستان کے صدر صادر نورزا پاروف نے وزیراعظم شہباز شریف کا گرمجوشی سے استقبال کیا، وفود کے تعارف

بشکیک (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف کے اعزاز میں کرغزستان کے صدارتی محل میں باضابطہ استقبالیہ تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ صدارتی محل پہنچنے پر وزیراعظم محمد شہباز شریف کا ریڈ کرپٹ پر تپاک استقبال کیا گیا، کرغزستان کے صدر صادر نورزا پاروف نے وزیراعظم شہباز شریف کا گرمجوشی سے استقبال کیا۔ وزیراعظم کے صدارتی محل (بقیہ 3 صفحہ 3 پر)

پاکستان کا دو اہم ورثہ مقامات کو یونیسکو کی مستقل فہرست میں شامل کرانے کیلئے تعاون کا مطالبہ

پاکستان یونیسکو ڈائریکٹر جنرل کو پاکستان کے ہڑپہ ثقافتی میلے کو میلہ سمیت دیگر ثقافتی سرگرمیوں میں شرکت کے لیے باضابطہ دعوت دیگا، وفاقی وزیر اورنگزیب بلوچ

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان نے یونیسکو سے خیبر پختونخوا کے تاریخی مقام رانی گھاٹ اور سندھ کے قدیم ہنجور کو یونیسکو کے عالمی ثقافتی ورثہ کی مستقل فہرست میں شامل کرانے کے لیے تعاون اور معاونت فراہم کرنے کی درخواست کی ہے۔ یہ درخواست پاکستان میں یونیسکو کے نمائندے فوائد پاشا ایف اور وفاقی وزیر برائے قومی ورثہ و ثقافت اورنگزیب خان (بقیہ 4 صفحہ 3 پر)

پاکستان پر امید ہے امریکا ایران مذاکرات کی طرف واپس آئیں گے، دفتر خارجہ

اسلام آباد مفاہمتی یادداشت کو مردہ یا غیر موثر قرار دینے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا، امریکا ایران کشیدگی کو پاکستان کی ثالثی کی کوششوں کی ناکامی قرار نہیں دیا جا سکتا

اسلام آباد (این این آئی) دفتر خارجہ کے ترجمان طاہر حسین اندرابی نے کہا ہے کہ اسلام آباد مفاہمتی یادداشت کو مردہ یا غیر موثر قرار دینے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا، امن کا فریم ورک موجود ہے، پاکستان پر امید ہے امریکا و ایران بالآخر مذاکرات کی طرف واپس آئیں گے، امریکا ایران کشیدگی کو پاکستان کی ثالثی کی کوششوں کی ناکامی قرار نہیں دیا جا سکتا، بھارت کی جانب سے ثالثی عدالت کا فیصلہ مسترد کرنا سندھ طاس معاہدے کے تحت اس کی ذمے داریوں کو ختم نہیں کر سکتا۔ ہفتہ وار بریفنگ میں ترجمان نے کہا کہ امریکا ایران حالیہ کشیدگی کے باوجود پاکستان مذاکرات اور سفارت کاری کے ذریعے مسئلے کے حل کیلئے پر امید ہے۔ ترجمان نے کہا کہ موجودہ کشیدگی تشویش ناک اور ناپسندیدہ ہے تاہم پاکستان امن عمل سے مایوس نہیں۔ انہوں نے کہا کہ امریکا ایران کشیدگی کو پاکستان کی ثالثی کی کوششوں کی ناکامی قرار نہیں دیا جا سکتا، امریکا ایران تنازع کے حل کے لیے پاکستان مکمل خلوص کے ساتھ امن عمل میں مصروف ہے۔ طاہر حسین اندرابی نے کہا کہ بھارت کی جانب سے ثالثی عدالت کا فیصلہ مسترد کرنا سندھ طاس معاہدے کے تحت اس کی ذمے داریوں کو ختم نہیں کر سکتا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان نے بھارت سے سندھ طاس معاہدے پر مکمل عمل (بقیہ 37 صفحہ 3 پر)

صدر زرداری سے لندن میں محسن نقوی کی ملاقات، اہم پیغام پہنچایا

صدر نے مختلف قومی معاملات بالخصوص نئے صوبوں کی بحث میں اپنے مؤقف پر قائم رہنے کا پیغام دیا، ذرائع

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری سے وزیر داخلہ محسن نقوی نے لندن میں اہم ملاقات کی جس میں اہم ملکی معاملات زیر بحث آئے۔ ذرائع کے مطابق ون آن ون بات چیت تقریباً ایک گھنٹے تک جاری رہی جس میں محسن نقوی نے صدر آصف علی زرداری کو اہم پیغام بھی پہنچایا۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ صدر زرداری نے مختلف قومی معاملات (بقیہ 12 صفحہ 3 پر)

اسمبلیاں جب چاہیں گی دو تہائی اکثریت سے نئے صوبے بن جائیں گے، اعظم نذیر تارڑ

وزیراعظم کئی مرتبہ اپوزیشن کو مذاکرات کی دعوت دے چکے ہیں، آزاد کشمیر میں سب سے بڑا مسئلہ انتخابات کرانا تھا، لندن میں گفتگو

لندن (این این آئی) وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ نے کہا ہے کہ پارلیمنٹ اور صوبائی اسمبلیاں جب چاہیں گی، دو تہائی اکثریت سے نئے صوبے بھی بن جائیں گے۔ وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ وزیراعظم کئی مرتبہ اپوزیشن کو مذاکرات کی دعوت دے چکے ہیں، انہوں نے کہا کہ آزاد کشمیر میں سب سے بڑا مسئلہ انتخابات کرانا تھا۔ اعظم نذیر تارڑ نے کہا کہ آزاد کشمیر میں انتخابات پرامن اور شفاف ہوئے، آزاد کشمیر کے وزیراعظم کا انتخاب کرنے کا حق نواز شریف کو تھا۔ پی سی بی نے فیلڈنگ کوچ کے لیے تلاش شروع کردی۔

رائٹ ٹو انفارمیشن قانون کے تحت عوام کو معلومات تک رسائی کا حق حاصل ہے، شکیل قادر خان

خالی آسامیوں، ترقیوں اور بھرتیوں کے معاملات قواعد وضوابط، میرٹ اور شفافیت کے اصولوں کے مطابق نمٹائے جائیں تاکہ محکموں کی کارکردگی متاثر نہ ہو، چیف سیکرٹری بلوچستان

کوئٹہ (این این آئی) چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کی زیر صدارت سیکریٹریز میٹنگ کا اہم اجلاس منعقد ہوا، اجلاس میں تمام انتظامی سیکریٹریز سمیت ڈویژنل کمشنرز نے بذریعہ ویڈیو لنک شرکت کی۔ اجلاس میں صوبائی سطح پر انتظامی کارکردگی، ترقیاتی منصوبوں، دفاتر میں آفیسران و عملے کی حاضری کو یقینی بنانا، خالی آسامیوں اور عوامی خدمات کی فراہمی سے متعلق امور کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں تمام محکموں کی سرکاری گاڑیوں کی کنڈیم نیشن کا معاملہ بھی زیر غور آیا۔ اس موقع پر سرکاری گاڑیوں کی موجودہ حالت، ناقابلِ استعمال گاڑیوں کی نشاندہی اور انہیں قواعد وضوابط کے مطابق کنڈیم یا نیلام کرنے کے عمل کا جائزہ لیا گیا تاکہ سرکاری وسائل کا موثر اور شفاف استعمال یقینی بنایا جا سکے۔ اجلاس میں مختلف محکموں میں خالی آسامیوں کی تفصیلات، ترقی کے منتظر ملازمین اور ابتدائی بھرتیوں سے متعلق امور پر بھی غور کیا۔ اجلاس میں اس (بقیہ 38 صفحہ 3 پر)

صوبائی حکومت اور تمام محکموں کے سیکرٹریز کو چاہئے کہ وہ ٹینڈرنگ کے عمل کو صاف اور شفاف بنائیں

اور مختلف اضلاع میں من پسند ٹھیکیداروں کو نوازنے کا سلسلہ بند کیا جائے

کوئٹہ (این این آئی) آل بلوچستان گورنمنٹ کنٹریکٹرز ایسوسی ایشن کے عہدیداروں کا ایک اجلاس بدھ کو چیئرمین ملک عبدالغفار مندوخیل اور صدر میر عبدالسلام لانگو کی زیر صدارت مقامی ہوٹل میں منعقد ہوا اجلاس میں جنرل سیکرٹری ملک مجیب مہترزئی، ڈپٹی جنرل سیکرٹری صلاح الدین کبزئی، سیکرٹری فنانس محمد ادریس جان لانگو، نائب صدر سراج خان کاکڑ، (بقیہ 13 صفحہ 3 پر)

احسن اقبال کی گلگت بلتستان میں 100 میگاواٹ سولر منصوبے پر تیز رفتاری سے عملدرآمد کی ہدایت

سولر، ٹرانسمیشن اور سڑکوں کے منصوبوں پر بیک وقت کام کیا جائے، وفاقی وزیر

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی، ترقی و خصوصی اقدامات پروفیسر احسن اقبال نے گلگت بلتستان میں 100 میگاواٹ سولر منصوبے پر تیز رفتاری سے عملدرآمد یقینی بنانے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا ہے کہ سولر، ٹرانسمیشن اور سڑکوں کے (بقیہ 15 صفحہ 3 پر)

صدر زرداری سے لندن میں محسن نقوی کی ملاقات، اہم پیغام پہنچایا

صدر نے مختلف قومی معاملات بالخصوص نئے صوبوں کی بحث میں اپنے مؤقف پر قائم رہنے کا پیغام دیا، ذرائع

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری سے وزیر داخلہ محسن نقوی نے لندن میں اہم ملاقات کی جس میں اہم ملکی معاملات زیر بحث آئے۔ ذرائع کے مطابق ون آن ون بات چیت میں محسن نقوی نے صدر آصف علی زرداری کو اہم پیغام بھی پہنچایا۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ صدر زرداری نے مختلف قومی معاملات (بقیہ 12 صفحہ 3 پر)

محفوظ ڈیجیٹل ماحول ہر بچے کا بنیادی حق، مؤثر قانون سازی ضروری ہے، سارہ احمد

قرارداد کے ذریعے وفاقی حکومت، پی ٹی اے سے مؤثر ریگولیٹری اور نگرانی کا نظام وضع کرنے کی سفارش کی گئی

اسلام آباد (این این آئی) چیئرپرسن چائلڈ پروٹیکشن بیورو سارہ احمد نے کہا ہے کہ محفوظ ڈیجیٹل ماحول ہر بچے کا بنیادی حق ہے، مؤثر قانون سازی وقت کی ضرورت ہے۔ اپنے بیان میں چیئرپرسن چائلڈ پروٹیکشن بیورو سارہ احمد نے کہا کہ قرارداد کے ذریعے وفاقی حکومت، پی ٹی اے سے مؤثر ریگولیٹری اور نگرانی کا نظام وضع کرنے کی سفارش کی گئی، آسٹریلیا، (بقیہ 6 صفحہ 3 پر)

قلات میں قومی شاہراہ پر ٹریفک حادثہ

ایک شخص جاں بحق 12 افراد زخمی

کوئٹہ (این این آئی) قلات میں قومی شاہراہ پر ٹریفک حادثہ ایک شخص جاں بحق 12 افراد زخمی ہوگئے۔ ریسکیو حکام کے مطابق بدھ کو قلات میں کوئٹہ کراچی قومی شاہراہ پر خریشتی کے مقام پر مزدوروں سے بھری (بقیہ 14 صفحہ 3 پر)

مرکزی تنظیم تاجران بلوچستان کی ہڑتال کے اعلان سے لاتعلق، تنظیم کو اعتماد میں لیے بغیر کوئی فیصلہ قابل قبول نہیں

کوئٹہ (این این آئی) مرکزی تنظیم تاجران بلوچستان کے ترجمان کاشف حیدری نے ہڑتال سے متعلق وضاحت کرتے ہوئے کہا ہے کہ مرکزی تنظیم تاجران بلوچستان (بقیہ 7 صفحہ 3 پر)

گیس پلانٹ منصوبے کی منظوری سے زیتون کے جنگلات کو تحفظ ملے گا، سینیٹر بلال مندوخیل

جلد ای سی سی سے فنڈز جاری کرا کر منصوبے کا پراسیس اور ٹینڈر کیا جائے گا

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی کابینہ سے ژوب اور لورالائی میں گیس پلانٹ کی منظوری کے بعد علاقے کے عوام کی قسمت جاگ اٹھی، وفاقی کابینہ نے گیس پلانٹ منصوبے کی منظوری سینیٹر بلال مندوخیل کی تجویز و مطالبے پر دی ہے۔ سینیٹر شیخ بلال احمد خان مندوخیل نے کہا ہے کہ ان کی تجویز اور مطالبے پر وفاقی کابینہ نے ژوب اور لورالائی میں گیس پلانٹس کی (بقیہ 5 صفحہ 3 پر)

لیبارٹریز کی تشخیصی سروسز پر بلوچستان سیلز ٹیکس کی شرح 2 فیصد مقرر، بی آر اے

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان ریونیو اتھارٹی (BRA) کے ٹیکس شیڈیول کے مطابق مریضوں کے پیتھالوجیکل، ریڈیولوجیکل اور تشخیصی ٹیسٹ سے متعلق لیبارٹریز (بقیہ 16 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد ہیلتھ کیئر ریگولیٹری اتھارٹی کے بورڈ کے 4 ارکان کے استعفے منظور

وزارت قومی صحت نے آئی ایچ آر اے بورڈ کے ارکان کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی کابینہ نے اسلام آباد ہیلتھ کیئر ریگولیٹری اتھارٹی کے بورڈ کے 4 ارکان کے استعفے منظور کر لیے۔ اسلام آباد ہیلتھ کیئر ریگولیٹری اتھارٹی کے 4 ارکان کو بورڈ سے ڈی نوٹیفائی کر دیا گیا۔ پروفیسر ڈاکٹر متی الرحمٰن، لیفٹیننٹ کرنل ریٹائرڈ ڈاکٹر عارف مقصود علی، مس اسماعیل اور مسٹر کاشف ظہور چوہدری بھی آئی ایچ آر اے بورڈ کی (بقیہ 17 صفحہ 3 پر)

یونی فوڈز کے شیئرز میں غیر معمولی ٹریڈنگ کی تحقیقات، ایس ای سی پی کے چار افراد کو حتمی نوٹسز جاری

پاکستان سٹاک ایکسچینج میں مندی کا رجحان، کے ایس ای ہنڈرڈ انڈیکس میں 1690.40 پوائنٹس کی کمی

اسلام آباد (این این آئی) سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن پاکستان (ایس ای سی پی) نے یونی فوڈز لمیٹڈ کے شیئرز میں غیر معمولی ٹریڈنگ کی جاری تحقیقات میں چار افراد (بقیہ 18 صفحہ 3 پر)

بلوچستان کے نوجوان علم، تعلیم اور جدید ہنر پر توجہ دیں، ہتھیاروں کے بجائے قلم کو طاقت بنائیں، وزیر داخلہ

کوئٹہ (این این آئی) صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو نے کہا ہے کہ بلوچستان کے نوجوان ہمارے عوام کا مستقبل ہیں، آج کا دور تعلیم، علم، ٹیکنالوجی اور ہنر کا دور (بقیہ 9 صفحہ 3 پر)

پاکستان میں لسانی نہیں، انتظامی بنیادوں پر نئے صوبے بننے چاہئیں: خالد مقبول صدیقی

ڈسٹرکٹ اور ڈویژن بڑھ سکتے ہیں تو صوبے کیوں نہیں بڑھ سکتے؟ آئی ایم ایف حکومت بچا سکتا ہے، ملک نہیں، وفاقی وزیر

ڈیلس (این این آئی) متحدہ قومی موومنٹ پاکستان کے چیئرمین و وفاقی وزیر خالد مقبول صدیقی نے کہا ہے کہ پاکستان میں آبادی کے ساتھ نئے صوبوں کا قیام ضروری ہے۔ ڈیلس میں ایم کیو ایم کے چیئرمین خالد مقبول صدیقی نے اسٹینڈ ود پاکستان کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان میں لسانی نہیں انتظامی بنیادوں پر نئے صوبے بننے چاہئیں۔

بلوچستان میں لاہور اور کراچی کی طرز پر جدید الیکٹرک بسوں کا پبلک ٹرانسپورٹ نیٹ ورک قائم کیا جائے، محمد عبدالقادر

حکومت بلوچستان آبادی اور سفری ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے ایک جامع پبلک ٹرانسپورٹ پلان تشکیل دے، عبدالقادر

کوئٹہ (این این آئی) چیئرمین قائمہ میٹی برائے دفاعی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا ہے کہ بلوچستان کے عوام کو بھی لاہور اور کراچی کی طرز پر جدید، محفوظ اور باعزت سفری سہولت فراہم کی جائے، صوبے کے اہم شہروں اور مصروف روٹس پر مرحلہ وار الیکٹرک بس سروس شروع کی جائے۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ کوئٹہ میں پرانی لوکل بسوں کی بندش کے بعد شہریوں کو سفری مشکلات کا سامنا ہے گرین اور پنک بس سروس عوام کو بہتر سفری سہولت فراہم کرنے کی اہم کوشش ہے تاہم شہر کے متعدد اندرونِ شہر روٹس اب بھی مناسب پبلک ٹرانسپورٹ سے محروم ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان آبادی اور سفری ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے (بقیہ 39 صفحہ 3 پر)

سردار ایاز صادق کی پاکستان کی جانب سے شنگھائی تعاون تنظیم کی صدارت سنبھالنے پر قوم کو مبارکباد

کامیابیاں پاکستان کے سفارتی میدان میں ابھرتے ہوئے تشخص اور عالمی برادری کے بڑھتے ہوئے اعتماد کی دلیل ہیں، بیان

اسلام آباد (این این آئی) سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے پاکستان کی جانب سے شنگھائی تعاون تنظیم (ایس سی او) کی کونسل آف ہیڈز آف سٹیٹ 27-2026 کی (بقیہ 10 صفحہ 3 پر)

وفاقی کابینہ نے اسلام آباد میں مقامی حکومتوں کے نظام کی منظوری دیدی، قائمہ کمیٹی میں (آج) پیش ہوگا

پیپلز پارٹی کا قائمہ کمیٹی میں حکومت کے بلدیاتی قانون ترمیم بل کی مخالفت کا فیصلہ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی کابینہ نے دارالحکومت اسلام آباد (بقیہ 11 صفحہ 3 پر)

سردار ایاز صادق کی پاکستان کی جانب سے شنگھائی تعاون تنظیم کی صدارت سنبھالنے پر قوم کو مبارکباد

کامیابیاں پاکستان کے سفارتی میدان میں ابھرتے ہوئے تشخص اور عالمی برادری کے بڑھتے ہوئے اعتماد کی دلیل ہیں، بیان

اسلام آباد (این این آئی) سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے پاکستان کی جانب سے شنگھائی تعاون تنظیم (ایس سی او) کی کونسل آف ہیڈز آف سٹیٹ 27-2026 کی (بقیہ 10 صفحہ 3 پر)

وفاقی کابینہ نے اسلام آباد میں مقامی حکومتوں کے نظام کی منظوری دیدی، قائمہ کمیٹی میں (آج) پیش ہوگا

پیپلز پارٹی کا قائمہ کمیٹی میں حکومت کے بلدیاتی قانون ترمیم بل کی مخالفت کا فیصلہ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی کابینہ نے دارالحکومت اسلام آباد (بقیہ 11 صفحہ 3 پر)

اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق کا ایک روزہ دورہ

کوئٹہ، سیاسی و پارلیمانی امور پر اہم ملاقاتیں

کوئٹہ (این این آئی) اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے ایک روزہ (بقیہ 8 صفحہ 3 پر)

ایڈیشنل سیکرٹری خزانہ ڈاکٹر نبیل احمد پیٹن کیسرز ڈسپورزل میٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پاکستان ازبک عوام کی کامیابیوں کو قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے، اویس لغاری

پاکستان اور ازبکستان کے درمیان توانائی کے شعبے میں تعاون کو وسعت دینے کے وسیع امکانات موجود ہیں، اویس لغاری

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے توانائی سردار اویس احمد خان لغاری نے کہا ہے کہ پاکستان اور ازبکستان کے درمیان توانائی کے شعبے میں تعاون کو مزید وسعت دینے کے وسیع امکانات موجود ہیں بالخصوص بجلی کی باہمی ترسیل، قابل تجدید توانائی، پن بجلی، توانائی کے بنیادی ڈھانچے اور سرمایہ کاری کے شعبوں میں تعاون بڑھایا جا سکتا ہے۔ بدھ کو ازبکستان کے 35ویں یومِ آزادی کے موقع پر منعقدہ استقبالیہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر نے کہا کہ توانائی کے شعبے میں مضبوط تعاون دونوں ممالک کی وسیع تر اقتصادی شراکت داری اور علاقائی روابط کے فروغ میں اہم کردار ادا کر سکتا ہے۔ سردار اویس احمد خان لغاری نے ازبک صدر شوکت مرزیایوف، حکومت اور عوام (بقیہ 40 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ میں پولیس مقابلہ ایک مبینہ ہلاک، دوسرا زخمی حالت میں گرفتار اسلحہ برآمد

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ میں پولیس اور مبینہ مسلح افراد کے درمیان فائرنگ ایک شخص ہلاک دوسرا زخمی حالت میں گرفتار نقدی اور اسلحہ برآمد۔ پولیس کے مطابق پولیس اسٹیشن شالکوٹ کے علاقے میں پولیس چیکنگ پوائنٹ کے دوران دو موٹر سائیکلوں پر سوار چار ملزمان تیز رفتاری سے جانے والے کو رکنے کا اشارہ کیا گیا (بقیہ 20 صفحہ 3 پر)

سدرن چائنہ بک فیئر، پاکستانی قومی پویلین توجہ کا مرکز

پاک چین ثقافتی روابط کے فروغ میں کتابیں اہم پل ہیں، پاکستانی قونصل جنرل

گوانگ ژو (این این آئی) سدرن چائنہ بک فیئر 2026 میں پاکستانی قومی پویلین کا افتتاح کر دیا گیا۔ کتب میلے کا انعقاد گوانگ ژو کے چائنا امپورٹ اینڈ ایکسپورٹ فیئر کمپلیکس میں ہوا۔ ثقافتی نمائشوں اور ادبی تخلیقات سے مزین خصوصی پاکستانی پویلین نے چین کے بڑے اور بااثر کتب میلوں میں پاکستان کی شرکت کو مزید وسعت دی ہے، جو دونوں ممالک کے درمیان گہرے ثقافتی اور عوامی روابط کی عکاسی ہے۔ چائنہ اکنامک نیٹ کے مطابق سدرن چائنہ بک فیئر کا آغاز پہلی مرتبہ 1993 میں ہوا تھا۔ یہ ایک جامع کتاب اور ثقافتی نمائش ہے

بشکک، وزیراعظم شہباز شریف پاکستان کا غزستان کے درمیان مختلف شعبوں میں معاہدے کی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

گلگت بلتستان کے عوام کی محرومیاں دور کرنا اور خطے کو پائیدار ترقی کی راہ پر گامزن کرنا حکومت کی اولین ترجیح ہے، احسن اقبال

احسن اقبال کی گلگت بلتستان میں بجلی بحران کے حل کے لیے 100 میگاواٹ سولر منصوبے پر تیز ترین پیش رفت یقینی بنانے کی ہدایت

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی، ترقی و اصلاحات و خصوصی اقدامات پروفیسر احسن اقبال نے کہا ہے کہ گلگت بلتستان کے عوام کی محرومیاں دور کرنا اور خطے کو پائیدار ترقی کی راہ پر گامزن کرنا حکومت کی اولین ترجیح ہے۔ وزیراعظم کمیٹی کے اہم اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے انہوں نے گلگت بلتستان میں بجلی کے بحران کے حل کے لیے 100 میگاواٹ سولر منصوبے پر تیز ترین اور بیک وقت پیش رفت یقینی بنانے کی ہدایت کی۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ طلتر اور ہنزل پاور منصوبوں کی تکمیل کے ساتھ سولر منصوبے کے فیڈر، ٹرانسمیشن لائن اور سڑکوں کے بنیادی ڈھانچے پر بھی بیک وقت کام کیا جائے گا تاکہ عوام کو بلا تاخیر بجلی کی فراہمی میں ریلیف مل سکے۔ انہوں نے کہا (بقیہ 42 صفحہ 3 پر)

اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق چیف منسٹر سیکرٹریٹ میں صوبائی وزراء اراکین صوبائی اسمبلی سے گفتگو کر رہے ہیں

عدالتوں کی موثر کارکردگی اور انصاف کی فراہمی کیلئے مناسب انفراسٹرکچر اور بروقت مالی معاونت ناگزیر ہے، چیف جسٹس

عدالتی اصلاحات کے اہداف کو عملی شکل دینے کے لئے عدلیہ اور صوبائی حکومت کے درمیان مسلسل ادارہ جاتی رابطہ ضروری ہے، جسٹس یحییٰ آفریدی

کراچی (این این آئی) سپریم کورٹ آف پاکستان کے چیف جسٹس، جسٹس یحییٰ آفریدی نے کہا ہے کہ عدالتوں کی موثر کارکردگی اور انصاف کی تیز تر فراہمی کے لئے مناسب عدالتی انفراسٹرکچر اور بروقت مالی معاونت ناگزیر ہے، عدالتی اصلاحات کے اہداف کو عملی شکل دینے کے لئے عدلیہ اور صوبائی حکومت کے درمیان مسلسل ادارہ جاتی رابطہ ضروری ہے۔

سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری کا سندھ طاس معاہدے سے متعلق عالمی ثالثی عدالت کے فیصلے کا خیر مقدم

فیصلہ بین الاقوامی قوانین، معاہدوں کی پاسداری اور انصاف کی بالادستی کی ایک اہم مثال ہے، بیان

اسلام آباد (این این آئی) سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے انسانی حقوق کی چیئرپرسن سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری نے سندھ طاس معاہدے سے متعلق عالمی ثالثی عدالت کے فیصلے کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ فیصلہ بین الاقوامی قوانین، معاہدوں کی پاسداری اور

کوئٹہ اور آزاد کشمیر سے بیک وقت شائع ہونے والا کثیر الاشاعت قومی اخبار
Daily FARZAND-E-KASHMIR
روزنامہ فرزندِ کشمیر
چیف ایڈیٹر: محمد شوکت
چیف ایڈیٹر و پبلشر: محمد شوکت نے سعید پرنٹنگ پریس مشن روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر دفتر روزنامہ فرزند کشمیر کوئٹہ آفس نمبر 1 سیکنڈ فلور یونیورسل کمپلیکس جناح روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔
(موبائل نمبر 0300-3843995) فون نمبر:۔0812869391
فیکس نمبر:۔ 0512204192, 0812869207,
نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر منگ روڈ راولاکوٹ آزاد کشمیر سے شائع کیا۔

سندھ طاس معاہدہ نافذ العمل بھارت پاسداری کرے: عالمی ثالثی عدالت

پاکستان کو اہم سفارتی و قانونی کامیابی حاصل ہوگئی۔ دی نیدرلینڈز کے شہر دی ہیگ میں قائم مستقل ثالثی عدالت نے بھارت کی جانب سے 1960ء کے سندھ طاس معاہدے کو یکطرفہ طور پر معطل کرنے کی کوشش مسترد کرتے ہوئے متفقہ طور پر قرار دیا ہے کہ معاہدہ مکمل طور پر نافذ العمل ہے۔ عدالت نے معاہدے کی حیثیت پر حتمی فیصلہ ایوارڈ آن ٹریٹی سٹیٹس جاری کرنے کے ساتھ ساتھ رتلے ہائیڈرو الیکٹرک پلانٹ (آر ایچ ای پی) سے متعلق پابندعبوری اقدامات کا حکم بھی جاری کر دیا۔ عدالت نے اہم فیصلہ سناتے ہوئے بھارت کے اس یکطرفہ موقف کو مسترد کر دیا کہ 1960ء کا معاہدہ معطل ہو چکا ہے۔ عدالت نے واضح کیا کہ بھارت اپنے بین الاقوامی وعدوں کا پابند ہے اور وہ یکطرفہ طور پر معاہدے سے دستبردار یا اس کی ذمہ داریوں سے فرار اختیار نہیں کرسکتا۔ عدالت کے مطابق، بھارت معاہدے کے تحت عائد اپنی پابند ذمہ داریوں سے یکطرفہ طور پر انحراف نہیں کرسکتا۔ عدالتی حکم کے تحت بھارت کو ڈیم کی دیوار اور پاور انٹیک ڈھانچے کی کنکریٹنگ مخصوص سطح سے آگے بڑھانے سے روک دیا گیا ہے۔

عدالت نے قرار دیا کہ بھارت کو سندھ طاس معاہدے کے تحت اپنی ذمہ داریوں کی پابندی کرنا ہوگی، جن میں مغربی دریاوؤں پر اس کے پن بجلی منصوبوں کے ڈیزائن اور آپریشن سے متعلق شرائط بھی شامل ہیں۔ رتلے منصوبے سے متعلق یہ پابندی اس وقت تک برقرار رہے گی جب تک معاہدے کے تحت مقرر غیر جانبدار ماہر منصوبے کے ڈیزائن کے معاہدے سے مطابقت رکھنے یا نہ رکھنے کے بارے میں حتمی فیصلہ نہیں کرتا۔ اس فیصلے کے بعد مزید 90 روز تک بھی عبوری پابندی برقرار رکھنے کا حکم دیا گیا ہے۔ ثالثی عدالت نے بھارت کو منصوبے پر جاری تعمیراتی سرگرمیوں کے شیڈول سے متعلق باقاعدہ رپورٹس جمع کرانے کی بھی ہدایت کی ہے تاکہ شفافیت اور عدالتی حکم پر عمل درآمد یقینی بنایا جاسکے۔ فیصلے کے بعد سندھ طاس معاہدے کے حوالے سے بھارت کی جانب سے اختیار کیے گئے یکطرفہ اقدامات کو قانونی چیلنج کا سامنا ہے جبکہ عدالت نے ایک بار پھر واضح کیا ہے کہ دونوں ممالک کو معاہدے کے طے شدہ قانونی طریقہ کار کے مطابق اپنے تنازعات حل کرنا ہوں گے۔

نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ پاکستان نے ثالثی عدالت کے فیصلے کا خیر مقدم کیا ہے جس میں بھارت کی جانب سے سندھ طاس معاہدے کو یکطرفہ طور پر التوا میں رکھنے کی غیر قانونی کوشش کو دوٹوک انداز میں مسترد کرتے ہوئے اس بات کی توثیق کی گئی ہے کہ معاہدہ بدستور مکمل طور پر نافذ العمل ہے اور فریقین اس کے پابند ہیں۔ سماجی رابطہ کے ذریعے 'ایکس' پر اپنے بیان میں اسحاق ڈار نے کہا کہ یہ فیصلہ پاکستان کے اس مستقل موقف کی تائید کرتا ہے کہ کسی بھی پابند بین الاقوامی معاہدے کو یکطرفہ طور پر معطل یا ختم نہیں کیا جاسکتا۔ بھارت پر لازم ہے کہ وہ سندھ طاس معاہدے کے تحت اپنی تمام ذمہ داریوں اور تنازعات کے حل کے لیے قائم طریقہ کار کے تحت آنے والے پابند فیصلوں پر مکمل طور پر عمل کرے۔ پاکستان ان شاء اللہ سندھ طاس معاہدے کے تحت اپنے حقوق کے تحفظ کے لیے مضبوطی سے پرعزم رہے گا۔

ثالثی عدالت نے سندھ طاس معاہدے کے بارے میں جو فیصلہ دیا ہے وہ محض ایک قانونی دستاویز نہیں بلکہ پاکستان کے اس موقف کی بین الاقوامی سطح پر باضابطہ توثیق ہے جو ہم گزشتہ ایک برس سے دہراتے چلے آرہے ہیں کہ بھارت کو یہ حق حاصل نہیں کہ وہ اپنی مرضی سے یکطرفہ طور پر ایک ایسے معاہدے کو معطل یا کالعدم قرار دے دے جو اس کی دہائی سے دونوں ہمسایہ ممالک کے درمیان امن اور بقائے باہمی کے قیام کے لیے اہم کردار ادا کرتا رہا۔ یہ فیصلہ اس لحاظ سے بھی اہم ہے کہ یہ بالاتفاق رائے پر مبنی فیصلہ ہے جس میں عدالت کے تمام ارکان نے بھارت کی جانب سے پیش کی گئی کسی بھی دلیل کو معاہدے کی معطلی یا خاتمے کے لیے کافی نہیں سمجھا۔ یہاں یہ بات بھی قابلِ ذکر ہے کہ سندھ طاس معاہدہ کوئی کاغذی دستاویز نہیں بلکہ پاکستان کی زرعی معیشت، اسّی فیصد سے زائد کاشتکاری اور کروڑوں انسانوں کی روزی روٹی کی ضمانت ہے۔ دریائے سندھ، جہلم اور چناب کا پانی محض دریا نہیں بلکہ اس دھرتی کی شریانوں میں دوڑنے والا وہ خون ہے جس کے بغیر پاکستان کی زندگی کا تصور ہی ممکن نہیں۔

افسوس کی بات یہ ہے کہ بھارت نے اس واضح، متفقہ اور باوقار عالمی فیصلے کو بھی تسلیم کرنے سے انکار کر دیا ہے۔ بھارتی وزارتِ خارجہ نے فوری ردعمل میں اس عدالت کے دائرہ اختیار کو ہی چیلنج کر دیا ہے اور اسے اپنے نام نہاد خودمختار فیصلوں میں مداخلت قرار دیا ہے۔ بھارت کا یہ طرزِ عمل کوئی نئی بات نہیں۔ تاریخ گواہ ہے کہ جب بھی کوئی بین الاقوامی فورم بھارت کے مفادات کے خلاف فیصلہ دیتا ہے وہ اسے تسلیم کرنے کی بجائے اس کی ساکھ اور اختیار کو ہی مشکوک بنانے کی کوشش کرتا ہے۔ یہی وہ ہٹ دھرمی ہے جو ہم نے مسئلہ کشمیر پر اقوامِ متحدہ کی قراردادوں کے حوالے سے بھی دیکھی، سیاچن اور سرکریک جیسے تنازعات میں بھی دیکھی اور اب سندھ طاس معاہدے کے معاملے میں بھی دہرائی جارہی ہے۔ عالمی ثالثی عدالت اس سے قبل بھی بھارت کے معاہدہ معطل کرنے کے اقدام کو کالعدم قرار دے چکی ہے مگر بھارت نے اپنی روش تبدیل نہیں کی۔ یہ رویہ اس بات کی غمازی کرتا ہے کہ بھارت خود کو بین الاقوامی قانون اور اصولوں سے بالاتر سمجھتا ہے اور طاقت کے زعم میں بین الاقوامی اور عالمی اداروں کو نظرانداز کرنے کی روش پر گامزن ہے۔

یہاں سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ اگر بھارت جیسا ملک، جو خود کو دنیا کی سب سے بڑی جمہوریت کہلانے پر فخر کرتا ہے، عالمی عدالتوں کے فیصلوں کو محض اس بنیاد پر مسترد کردے کہ وہ اس کے مفادات سے مطابقت نہیں رکھتے تو پھر بین الاقوامی قانون اور عالمی عدالتی نظام کا مقصد ہی کیا رہ جاتا ہے؟ اقوامِ متحدہ کی سلامتی کونسل کی قراردادیں دہائیوں سے مقبوضہ کشمیر میں حقِ خودارادیت کے لیے موجود ہیں مگر بھارت نے کبھی ان پر عمل درآمد کی زحمت گوارا نہیں کی۔ اب اگر عالمی ثالثی عدالت کے فیصلے کا بھی وہی حشر ہونے دیا گیا جو اقوامِ متحدہ کی قراردادوں کا ہوا تو یہ نہ صرف پاکستان اور خطے کے امن کے لیے خطرناک ہوگا بلکہ عالمی قانونی نظام کی ساکھ کے لیے بھی ایک مہلک ضرب ثابت ہوگا۔ کسی بھی بین الاقوامی معاہدے یا عدالتی فیصلے کی افادیت اسی وقت تک برقرار رہتی ہے جب تک اس پر عمل درآمد کو یقینی بنایا جائے۔ اگر طاقتور ممالک کو یہ چھوٹ دے دی جائے کہ وہ اپنی مرضی کے فیصلوں کو تسلیم کریں اور ناپسندیدہ فیصلوں کو رد کردیں تو پوری عالمی قانونی ساخت ہی خطرے میں پڑ جاتی ہے۔

یہی وہ مقام ہے جہاں بین الاقوامی برادری اور بالخصوص اقوامِ متحدہ، عالمی بینک اور دیگر اداروں کی ذمہ داری بنتی ہے کہ وہ محض بیانات جاری کرنے پر اکتفا نہ کریں بلکہ بھارت پر عملی اقدمات کے ذریعے دباؤ ڈالیں کہ وہ اس فیصلے کی مکمل پاسداری کرے۔ سندھ طاس معاہدہ کوئی معمولی دوطرفہ معاہدہ نہیں بلکہ عالمی بینک کی ضمانت اور سرپرستی میں طے پانے والا ایک ایسا معاہدہ ہے جس نے تین جنگوں اور متعدد کشیدہ ادوار کے باوجود اپنی افادیت برقرار رکھی۔ اگر عالمی بینک اور بین الاقوامی برادری نے اس موقع پر خاموشی اختیار کی یا محض رسمی بیانات پر اکتفا کیا تو یہ خطرہ حقیقت کا روپ دھار سکتا ہے کہ بھارت جنوبی ایشیا میں پانی کو بطور ہتھیار استعمال کرنے کی ایک خطرناک روایت قائم کر رہا ہے جس کے اثرات نہ صرف پاکستان بلکہ پورے خطے کی آبی سلامتی پر مرتب ہوں گے۔

یہ سوچ تسلیم کر لینے میں کوئی حرج نہیں کہ اپریل 2022ء سے متعارف ہوا حکومتی بندوبست رعایا کی اکثریت کو متحرک و متاثر نہیں کر پا رہا۔ اس سے اکتاہٹ کی بے شمار وجوہات گنوائی جاسکتی ہیں۔ اس جانب توجہ مبذول رکھنے کے بجائے گزشتہ کچھ دنوں سے یہ سوچنے کو ترجیح دے رہا ہوں کہ مذکورہ بندوبست سے کامل نجات پالینے کے بعد ''نیا نظام'' کیسے لاگو ہو اور اس کے بنیادی خدوخال کیا ہوسکتے ہیں۔

بے بس رعایا کا عام رکن ہوتے ہوئے موجودہ بندوبستِ حکومت سے نہایت واجب بنیادوں پر بیزاری محسوس کروں تو یہ انہونی تصور نہیں ہوگی۔ حیرت مگر اس وقت ہوتی ہے جب اسی بندوبستِ حکومت کے صدقے طاقتور عہدوں پر فائز چند افراد ماتمی انداز میں اس کے ''کولپس'' ہونے کا ذکر کرتے ہیں۔ وفاقی وزیر صحت جناب مصطفیٰ کمال بھی ایسے ہی افراد میں شامل ہیں۔

موصوف کا میں کبھی مداح نہیں رہا۔ ایم کیو ایم کی بدولت کئی برسوں تک آبادی کے اعتبار سے پاکستان کے سب سے بڑے شہر کراچی کے ''پوسٹر بوائے'' جیسے میئر رہے تھے۔ اقتدار گیا تو کچھ عرصہ سیاست سے کنارہ کشی اختیار کرلی۔ 2018ء کے انتخاب کے قریب مگر ایم کیو ایم پر سنگین الزامات لگانے کے بعد ''پاک سرزمین پارٹی'' کے نام سے نئی جماعت بنالی۔ میں اس جماعت کو طنزاً ''کمال کی ہٹی'' پکارتا رہا۔ صحافی دوستوں کی موثر تعداد مگر مصر رہی کہ مذکورہ جماعت کے حقیقی یا مبینہ سرپرست ''کمال کی ہٹی'' کے

نصرت جاوید

ذریعے ایم کیو ایم کے ووٹ بینک سے ''صاف ستھرے محبانِ وطن'' کو سیاسی میدان میں آگے بڑھا سکیں گے۔ کراچی کی سیاست سے 1970ء کی دہائی سے ذاتی تجربات کی بدولت آگاہ ہوئے اس قلم گھسیٹ نے ہمیشہ اس سوچ سے اختلاف کیا۔

ایک ٹیلی وژن نیٹ ورک کا ملازم ہونے کی وجہ سے 2018ء کے انتخابات کے بارے میں کراچی میں چند دن رہتے ہوئے مشاہدے اور تبصرہ آرائی کے مواقع ملے۔ ٹی وی سٹوڈیو سے نکل کر کراچی کے سیاسی اعتبار سے اہم ترین علاقوں میں پیدل چلتے ہوئے عام افراد سے چائے کے دھابوں پر رات گئے تک گفتگو میں مصروف رہتا۔ محض تین دنوں میں دریافت کرلیا کہ ایم کیو ایم سے خفا ہوئے لوگوں کی اکثریت اب کی بار تحریک انصاف کو ووٹ دینا چاہے گی اور بالآخر غلط ثابت نہ ہوا۔

وقت گزرنے کے ساتھ سیاست میں نئی گیم لگی تو مصطفیٰ کمال پاکستان کے لاحقے کے ساتھ بنائی ایم کیو ایم میں لوٹ آئے۔ 24 کے انتخابات کے بعد وزیر صحت کے منصب پر فائز ہوگئے۔

وفاقی وزارت صحت اسلام آباد میں سرکاری طور پر چلائے فقط دو ہسپتالوں کا نگران ونگہبان ہے۔ مصطفیٰ کمال اس شہر سے کئی گنا زیادہ آبادی والے کراچی کے میئر رہے تھے۔ اصولی طور پر وفاقی وزیر صحت کے عہدے پر ان کا فائز ہونا ہم عاجزوں کو یہ معجزہ دکھا سکتا تھا کہ کراچی جیسے شہر کے میئر رہے مصطفیٰ کمال نے اسلام آباد کے دو ہسپتالوں کو اپنی محنت وذہانت کی بدولت پاکستان بھر کے لئے مثالی بنادیا ہے۔ ایسا مگر ہوا نہیں۔ بدقسمتی سے چند دن قبل بلکہ اسلام آباد کے مرکزی

مصطفیٰ کمال کی اپنے بیان کردہ "کولپس بندوبستِ حکومت" میں موجودگی

ہسپتال پمز میں جاپانی حکومت کی مدد سے تعمیر اور جدید ترین آلات سے لیس ہوئی انتہائی نگہداشت کے وارڈ میں آگ بھڑک اٹھی۔ اس کے نتیجے میں 14 نومولود بچوں کی موت نے صاحبِ دل افراد کو اداس کردیا۔

مصطفیٰ کمال کا دیرینہ اور تقریباً متعصب ناقد ہونے کے باوجود یہ حقیقت سراہنے کو مجبور ہوں کہ سانحہ پمز کی خبر سنتے ہی مصطفیٰ کمال صاحب نے اپنا استعفیٰ وزیراعظم کو بھجوادیا تھا۔ وہ منظور نہ ہوا تو پمز پہنچ کر تلخ مگر بنیادی سوالوں کے جواب فراہم کرنے کے بجائے صحافیوں اور وہاں موجود عام افراد سے گلی کے لونڈوں کی طرح الجھنا شروع ہوگئے۔ دکھی دلوں کو تسلی دینے کے بجائے اصرار کرتے رہے کہ جس حکومتی بندوبست کا وہ حصہ ہیں وہ ''کولپس'' کرچکا ہے۔ اسکی اصلاح ممکن نہیں۔ پمز جیسے سرکاری ہسپتال وزیر صحت کو جوابدہ محسوس نہیں کرتے۔ طاقتور حلقوں میں اپنے سرپرستوں کی شفقت نے انہیں بے لگام بنا رکھا ہے۔

آئین کا ادنیٰ طالب علم ہوتے ہوئے بخوبی جانتا ہوں کہ وزارت کا منصب سنبھالنے سے قبل اس کے لئے نامزد شخص کو حلف اٹھانا ہوتا ہے۔ ہمارے آئین میں تحریری طور پر میسر حلف نامہ نامزد وزیر کو اپنے فرائض منصبی بلاخوف یا خطر نبھانے کا عہد باندھنے کو مجبور کرتا ہے۔ جان کی امان پاتے ہوئے مصطفیٰ کمال صاحب سے فقط یہ جاننا چاہوں گا کہ اسلام آباد کے محض دو سرکاری ہسپتالوں کے غیر موثر نگران ہونے کا ادراک انہیں اگر ہوگیا تھا تو استعفیٰ دینے کے لئے سانحہ پمز کا انتظار کیوں کرتے رہے۔ سانحہ پمز کے بعد اگر وہ حقیقتاً اس کے ذمہ داروں کی نشاندہی اور انہیں کماحقہ سزائیں دلوانے کے امکان دیکھ نہیں پارہے تھے تو وزیراعظم کی فرائش پر استعفیٰ واپس کیوں لیا؟ میری ناقص رائے میں اگر وہ اپنے استعفیٰ پر ڈٹے رہنے کے بعد وفاقی کابینہ سے الگ ہوکر وزیراعظم کو بھی تواتر سے یاد دلانا شروع ہوجاتے کہ موجودہ بندوبستِ حکومت کی اصلاح ممکن نہیں تو میں انہیں پرخلوص سنجیدگی سے سننے کو مجبور ہوجاتا۔ حکومتی بندوبست کا حصہ ہونے کے باوجود اس کے کولپس اور ناقابل اصلاح ہونے کی تکرار جھکی اذہان کو فقط یہ پیغام دیتی ہے کہ سسٹم کو ''ری سیٹ'' کرنے کی دہائی مچانے والے وزراء اپنے منصب سے جڑی مراعات سے مسلسل فیض یاب ہونا چاہتے ہیں۔ گلے سڑے نظام سے اپنا حصہ نکالنا مردار خوری تصور کیا جاسکتا ہے اور نظام کو ''ری سیٹ'' کرنے کے بلند آہنگ داعیوں کو یہ رویہ ہرگز زیب نہیں دیتا۔

مزید لکھنے کے بجائے نہایت عاجزی سے ہاتھ باندھ کر مصطفیٰ کمال صاحب سے عرض کرنا چاہتا ہوں کہ سانحہ پمز نے آپ کو گلے سڑے نظام کی اصلاح کا نادر موقعہ فراہم کیا ہے۔ صحتِ عامہ کے نظام نے برطانیہ کے حکومتی بندوست کو دنیا بھر کے لئے قابل تقلید بنادیا تھا۔ امریکہ کے عوام دوست سیاست دانوں نے اس نظام کی بہتری اور اسے غریب افراد کی دیکھ بحال کے قابل بنانے کی بدولت نیک نامی کمائی ہے۔ مصطفیٰ کمال بھی اس پر توجہ دیتے ہوئے خود کو بالآخر مردہ اور گلے سڑے بندوبستِ حکومت کا حتمی مسیحا ثابت کرسکتے ہیں۔

کبھی کبھی تاریخ کا فیصلہ میدانِ جنگ میں نہیں، عدالت کے ایک کمرے میں ہوتا ہے۔ 31 اگست 2026 کو دی ہیگ سے آنے والا فیصلہ بھی ایسا ہی ایک لمحہ ہے۔ بھارت نے اپریل 2025 میں سندھ طاس معاہدے کو یک طرفہ طور پر ''التوا'' یا abeyance میں رکھنے کا اعلان کیا تھا۔ اب Arbitration of Court نے متفقہ طور پر قرار دیا ہے کہ بھارت جن بنیادوں پر اس معاہدے کو معطل یا ختم کرنا چاہتا ہے، ان میں سے کوئی بنیاد بین الاقوامی قانون کے تحت ایسا کرنے کے لیے کافی نہیں۔ یعنی سیدھی سی بات یہ ہے، سندھ طاس معاہدہ ختم نہیں ہوا، معطل نہیں ہوا، بلکہ بدستور پوری طرح نافذ ہے۔ یہ فیصلہ پاکستان کے لیے محض قانونی کامیابی نہیں بلکہ اس سوچ کی شکست بھی ہے جس کے تحت دو ملکوں کے درمیان سیاسی یا عسکری کشیدگی کو کروڑوں انسانوں کے پانی سے جوڑا جاسکتا ہے۔

پہلگام سے پانی تک 22 اپریل 2025 کو بھارت کے زیر انتظام جموں وکشمیر کے علاقے پہلگام میں ایک ہولناک حملہ ہوا۔ بھارت نے اس کے بعد پاکستان پر سرحد پار دہشت گردی کی پشت پناہی کے الزامات عائد کیے۔ پاکستان نے ان الزامات کی تردید کی۔ اگلے ہی روز بھارت نے اعلان کردیا کہ 1960 کا سندھ طاس معاہدہ فوری طور پر ''abeyance'' میں رکھا جا رہا ہے، یہاں تک کہ پاکستان، بھارتی الفاظ میں، سرحد پار دہشت گردی کی حمایت سے ''irrevocably and credibly'' دستبردار ہو۔ یہاں سے معاملہ صرف سفارت کاری تک محدود نہیں رہا۔

مئی 2025 میں بھارت نے Sindoor Operation کے نام سے پاکستان کے اندر فوجی کارروائیاں کیں۔ دونوں ملکوں کے درمیان میزائلوں، ڈرونز، فضائی کارروائیوں اور سرحد پار گولہ باری کا خطرناک تبادلہ ہوا۔ دونوں ممالک نے ایک دوسرے پر جارحیت شروع کرنے اور شہری و فوجی اہداف کو نشانہ بنانے کے الزامات لگائے۔ چند دنوں کی یہ کشیدگی دو ایٹمی طاقتوں کو ایک انتہائی خطرناک مقام تک لے گئی۔ پاکستانی نقطہ نظر سے بھارت کا پاکستان کے اندر طاقت کا استعمال اس کی خودمختاری کے خلاف جارحانہ اقدام تھا۔ بھارت نے اپنی کارروائی کو دہشت گردی کے خلاف جواب اور دفاعی اقدام قرار دیا۔ ان متضاد بیانیوں کے باوجود ایک حقیقت غیر متنازع ہے: بھارت نے پاکستان کی حدود میں فوجی حملے کیے اور ساتھ ہی پانی کے ایک چھ دہائیوں پرانے معاہدے کو بھی یک طرفہ طور پر معطل قرار دیا۔ یہی وہ مقام تھا جہاں سوال پیدا ہوا کہ کیا سیاسی اور عسکری کشیدگی کو پانی تک لے جانا قانونی طور پر ممکن بھی ہے؟۔

دی ہیگ سے جواب آیا: نہیں، دریاؤں پر غصے کی حکومت نہیں چل سکتی۔ سندھ طاس

محمد اکرم چوہدری

معاہدہ کوئی عام سفارتی اعلامیہ نہیں۔ 1960 میں طے پانے والے اس معاہدے نے دریائے سندھ کے نظام کو بنیادی طور پر مشرقی اور مغربی دریاؤں میں تقسیم کیا۔ راوی، بیاس اور ستلج بھارت کے لیے مختص ہوئے، جبکہ سندھ، جہلم اور چناب کے مغربی دریاؤں کے پانیوں پر پاکستان کو بنیادی حقوق دیے گئے، اگرچہ بھارت کو معاہدے کی مقررہ حدود کے اندر بعض زرعی، گھریلو، غیر صرفی اور پن بجلی کے استعمال کی اجازت حاصل ہے۔ سب سے اہم بات یہ ہے کہ معاہدے میں کسی ایک ملک کو یہ اختیار نہیں دیا گیا کہ وہ غصے، جنگ، سیاسی تنازع یا اپنی مرضی سے اسے ختم کردے۔ معاہدہ تب تک نافذ رہنا ہے جب تک پاکستان اور بھارت دونوں ایک نئے، باقاعدہ طور پر منظور شدہ معاہدے کے ذریعے اسے تبدیل یا ختم نہ کریں۔

بھارت نے ''abeyance'' کی اصطلاح استعمال کی، مگر عدالت نے ایک بنیادی سوال پوچھا: بین الاقوامی قانون میں اس کا مطلب کیا ہے؟۔ عدالت کے مطابق سندھ طاس معاہدے میں ''abeyance'' نام کی کوئی قانونی کیفیت موجود ہی نہیں۔ اصل قانونی سوال یہ تھا کہ آیا بھارت معاہدے کو suspend یا terminate کرسکتا ہے۔ عدالت نے دونوں امکانات کا جائزہ لیا اور دونوں کا جواب نفی میں آیا۔ خودمختاری کا مطلب وعدے توڑنے کی آزادی نہیں، بھارت کی جانب سے ''sovereignty'' یعنی ریاستی خودمختاری کا حوالہ بھی دیا گیا تھا۔ لیکن عدالت نے ایک نہایت بنیادی اصول یاد دلایا: کوئی ریاست صرف اپنی خودمختاری کا حوالہ دے کر کسی بین الاقوامی معاہدے سے یک طرفہ طور پر آزاد نہیں ہوسکتی۔ بین الاقوامی تعلقات کا پورا نظام ایک سادہ اصول پر کھڑا ہے۔

معاہدے کیے جاتے ہیں تو انہیں نبھایا جاتا ہے، اگر ہر ریاست یہ طے کرنے لگے کہ آج اس کے قومی مفاد میں کون سا معاہدہ ہے اور کون سا نہیں، تو دنیا میں کسی بین الاقوامی معاہدے کی کوئی وقعت باقی نہیں رہے گی۔ یہی وجہ ہے کہ دی ہیگ کا فیصلہ صرف پاکستان اور بھارت کے پانیوں کا فیصلہ نہیں۔ یہ بین الاقوامی قانون کی ساکھ کا سوال بھی تھا۔ دہشت گردی کا الزام بھی معاہدہ ختم کرنے کے لیے کافی نہیں، اس فیصلے کا شاید سب سے اہم اور حساس حصہ دہشت گردی سے متعلق ہے۔ بھارت کا موقف رہا کہ پاکستان کی مبینہ سرحد پار دہشت گردی سندھ طاس معاہدے کو ''abeyance'' میں رکھنے کے فیصلے کا جواز فراہم کرتی ہے۔ عدالت نے اس الزام کو معمولی قرار نہیں دیا۔ اس نے واضح کیا کہ دہشت گردی سے متعلق الزام انتہائی سنگین معاملہ ہے۔ مگر عدالت نے ایک اور اہم فرق قائم کیا۔ اس نے بحث کی خاطر یہ فرض کرکے بھی معاملہ دیکھا کہ اگر بھارتی الزام درست ہو، تب بھی اس سے سندھ طاس معاہدے کی breach material ثابت نہیں ہوتی۔

کیوں؟، کیونکہ سندھ طاس معاہدہ دہشت گردی، جنگ یا طاقت کے استعمال کا معاہدہ نہیں۔ اس کا موضوع دریائے سندھ کے نظام کے پانی اور دونوں ریاستوں کے آبی حقوق و فرائض ہیں۔ یعنی ایک شعبے کے الزام کو اٹھا کر دوسرے شعبے کے بین الاقوامی معاہدے کو یک طرفہ طور پر ختم نہیں کیا جاسکتا۔ یہ پاکستان کے موقف کی بہت بڑی قانونی تقویت ہے۔ بھارت کے دوسرے دلائل بھی نہ چل سکے۔ بھارت کی طرف سے برسوں سے یہ شکایت سامنے آتی رہی ہے کہ 1960 کے حالات بدل چکے ہیں۔ آبادی بڑھ چکی ہے، توانائی کی ضروریات بدل چکی ہیں۔ ڈیم بنانے کی ٹیکنالوجی تبدیل ہوگئی ہے۔ ماحولیاتی تبدیلی ایک نئی حقیقت بن چکی ہے اور دونوں ممالک کے سلامتی کے حالات بھی پہلے جیسے نہیں رہے۔

یہ سب حقیقتیں اپنی جگہ موجود ہیں۔ لیکن سوال یہ تھا کہ کیا ان کی بنیاد پر بھارت یک طرفہ طور پر معاہدہ معطل کرسکتا ہے؟۔ عدالت نے کہا: نہیں۔ بین الاقوامی قانون میں ''fundamental change of circumstances'' کا اصول موجود ضرور ہے، مگر اس کی شرائط انتہائی سخت ہیں۔ عدالت کے مطابق بھارت کی طرف سے سامنے آنے والے آبادی، توانائی، ٹیکنالوجی، climate change اور سلامتی سے متعلق عوامل ان قانونی شرائط کو پورا نہیں کرتے۔ اور پھر عدالت نے تاریخ کی طرف دیکھا۔ 1960 کے بعد پاکستان اور بھارت کے درمیان جنگیں اور مسلح تصادم ہوئے، لیکن سندھ طاس معاہدہ قائم رہا گویا جس معاہدے نے جنگوں کا زمانہ دیکھا ہو، اسے محض موجودہ سیاسی کشیدگی کی بنیاد پر ختم کرنا آسان قانونی دعویٰ نہیں ہوسکتا۔ رتلے ڈیم پر بھی بھارت کو روک دیا گیا۔

31 اگست کے فیصلے کا دوسرا اہم پہلو Ratle Hydro-Electric Plant ہے، جو دریائے چناب پر تعمیر ہورہا ہے۔ پاکستان کو اس منصوبے کے بعض design features پر اعتراض ہے اور معاملہ Neutral Expert کے سامنے بھی زیر غور ہے۔ پاکستان نے خدشہ ظاہر کیا تھا کہ اگر Neutral Expert کے حتمی فیصلے سے پہلے بھارت نے متنازع حصوں پر تعمیر بہت آگے بڑھادی تو بعد میں کسی خلاف ورزی کی صورت میں اسے درست کرنا انتہائی مشکل ہوجائے گا۔ عدالت نے اس خدشے کو جزوی طور پر تسلیم کیا۔ بھارت کو ڈیم کی دیوار اور structure intake-power پر مخصوص سطحوں سے اوپر concreting کرنے سے عارضی طور پر روک دیا گیا ہے۔ یہ پابندیاں Neutral Expert کے حتمی فیصلے کے بعد 90 دن تک جاری رہیں گی۔ موجودہ پروگرام کے مطابق Neutral Expert کا فیصلہ جولائی 2027 کے آس پاس متوقع ہے۔

بھارت کو تعمیراتی شیڈول میں تبدیلیوں کی اطلاع دینے کا بھی حکم دیا گیا لیکن مکمل حقیقت یہ بھی ہے کہ پاکستان نے پانچ عبوری اقدامات مانگے تھے؛ عدالت نے ان میں سے تین کو، اپنی ترامیم کے ساتھ، منظور کیا اور دو کو ضروری نہ سمجھتے ہوئے منظور نہیں کیا۔ یہ بات بیان کرنا ضروری ہے کیونکہ پاکستان کا مقدمہ مبالغے سے نہیں، اصل فیصلے سے ہی کافی مضبوط ہے۔ بھارت عدالت کو تسلیم نہیں کرتا تصویر کا دوسرا رخ بھی عوام کے سامنے ہونا چاہیے۔ بھارت اس Court of Arbitration کی قانونی حیثیت اور jurisdiction کو تسلیم نہیں کرتا اور اس کارروائی میں شریک بھی نہیں ہوا۔ اس کا موقف ہے کہ یہ عدالت غیر قانونی طور پر تشکیل دی گئی اور سندھ طاس معاہدہ اب بھی ''abeyance'' میں ہے۔

پانی کو ہتھیار بنانے کی کوشش اور بھارت کو دی ہیگ سے ملنے والا جواب

لیکن عدالت اس اعتراض کو پہلے ہی مسترد کرچکی ہے اور یہ قرار دے چکی ہے کہ کارروائی شروع ہونے کے بعد کسی فریق کا یک طرفہ اقدام عدالت کی competence ختم نہیں کرسکتا۔ 31 اگست کے فیصلے میں بھی بھارت کی عدم شرکت کے باوجود عدالت نے محض پاکستان کی بات سن کر فیصلہ نہیں کیا۔ اس نے بھارت کے سرکاری خطوط، حکومتی بیانات اور دوسرے دستیاب مواد سے بھارتی موقف کو اخذ کرکے اس کا قانونی جائزہ لیا۔ اس لیے اسے محض یک طرفہ سیاسی اعلامیہ کہنا حقیقت کی درست تصویر نہیں ہوگی۔ پانی کو جنگ کا اگلا محاذ مت بنائیے بھارت اور پاکستان ایک دوسرے سے اختلاف کرتے رہیں گے۔ کشمیر کا تنازع موجود ہے۔ دہشت گردی کے الزامات موجود ہیں۔ سرحدی کشیدگی موجود ہے۔ مئی 2025 جیسی عسکری محاذ آرائی دوبارہ ہونے کا خطرہ بھی جنوبی ایشیا کے لیے ایک تلخ حقیقت ہے۔

مگر انہی وجوہ کی بنا پر پانی کو اس دشمنی سے الگ رکھنا پہلے سے زیادہ ضروری ہے۔ پاکستان کے لیے سندھ، جہلم اور چناب صرف نقشے پر بنی نیلی لکیریں نہیں۔ یہ کھیت ہیں، خوراک ہے، بجلی ہے، روزگار ہے اور کروڑوں انسانوں کی زندگی کا بنیادی وسیلہ ہیں۔ پانی پر دباؤ کو سیاسی یا عسکری coercion کا ذریعہ بنانے کا تصور اس پورے خطے کو ایسی جگہ لے جاسکتا ہے جہاں نقصان صرف ایک ملک کا نہیں ہوگا۔ بھارت اگر سمجھتا ہے کہ 1960 کا معاہدہ اکیسویں صدی کے تقاضوں کے مطابق تبدیل ہونا چاہیے تو بین الاقوامی قانون اس کا راستہ بند نہیں کرتا۔ بات کیجیے۔ مذاکرات کیجیے۔ نئی شرائط تجویز کیجیے۔ پاکستان کو قائل کیجیے۔ اور اگر دونوں ریاستیں متفق ہوں تو نیا معاہدہ کرلیجیے۔ مگر جو کام نہیں کیا جاسکتا، وہ یہ ہے کہ ایک ریاست صبح اٹھے اور اعلان کردے کہ ساٹھ سال سے نافذ بین الاقوامی معاہدہ آج سے میری طرف سے ''التوا'' میں ہے۔ یہی وہ لکیر ہے جو بھارت نے عبور کرنے کی کوشش کی اور دی ہیگ کی عدالت نے اسے قانونی طور پر قبول نہیں کیا۔

پاکستان کے لیے بھی جشن سے بڑا ایک سبق ہے، پاکستان کو اس فیصلے پر اطمینان کا پورا حق ہے، لیکن اصل کامیابی نعرے میں نہیں، حکمت عملی میں ہے۔ پاکستان نے اس معاملے میں بندوق کے مقابلے میں قانون، دھمکی کے مقابلے میں معاہدہ اور طاقت کے مقابلے میں بین الاقوامی ادارہ جاتی طریقہ کار استعمال کیا۔ یہی راستہ آگے بھی اختیار کرنا ہوگا۔ ہمیں ہر بھارتی ڈیم کو سیاسی نعرہ بنانے کے بجائے دنیا کے بہترین engineers، hydrologists، lawyers treaty اور expertslaw-international تیار کرنے چاہئیں۔ دریاؤں کے flow سے لے کر design dam تک ہمارا مقدمہ جذبات سے نہیں بلکہ data اور science سے مضبوط ہونا چاہیے۔ کیونکہ بھارت ہم سے رقبے، معیشت اور عسکری وسائل میں بڑا ضرور ہے، لیکن بین الاقوامی قانون کا بنیادی تصور ہی یہ ہے کہ معاہدے کی میز پر کسی ریاست کے دستخط کا وزن اس کے جغرافیے کے حجم سے طے نہیں ہوتا۔

31 اگست 2026 کو پاکستان کو اسی اصول کی ایک اہم توثیق ملی ہے۔ یہ کہنا ابھی درست نہیں ہوگا کہ سندھ طاس سے متعلق ہر قانونی جنگ پاکستان جیت چکا ہے۔ Ratle اور Kishenganga سے متعلق مخصوص تکنی

(1)
خود کو ڈھالنیکا تقاضا کرتا ہے، مشق سی اسپارک 2026- کا بنیادی مقصد ملٹی ڈومین آپریشنز کی مشق کرنا ہے۔ ایڈمرل نوید اشرف نے کہا کہ مشق میں سمندری، فضائی، زمینی، سائبر اور خلائی معاون صلاحیتوں کو مربوط کیا جا رہا ہے، مشق میں انفارمیشن انوائرمنٹ میں آپریشنز پر بھی توجہ مرکوز کی گئی ہے تاکہ تاکہ سمندر میں روایتی جنگی کارروائیوں کے ساتھ معلوماتی محاذ پر بھی برتری حاصل کی جاسکے۔

(2)
دوطرفہ تعاون کے فروغ کے نئے دور کا آغاز ہے، موجودہ دوطرفہ تجارت کے حجم کو آئندہ دوسال میں 16 ملین ڈالر سے 200 ملین ڈالر تک بڑھانے کا عزم رکھتے ہیں، کاسا1000 منصوبے کی بروقت تکمیل ضروری ہے، دہشت گردی، انتہا پسندی اور دیگر عصری خطرات سے نمٹنے کیلئے تعاون بڑھائیں گے۔ بدھ کو دستاویزات کے تبادلوں کی تقریب یہاں کرغزستان کے صدارتی محل میں منعقد ہوئی۔ اس موقع پر وزیراعظم محمد شہباز شریف اور جمہوریہ کرغزستان کے صدر صادرژاپاروف بھی موجود تھے۔ جمہوریہ کرغز ستان کے صدر صادرژاپاروف اور وزیراعظم محمد شہباز شریف نے مشترکہ اعلامیہ پر دستخط اور دستاویز کا تبادلہ کیا جن معاہدوں اور ایم او یوز کا تبادلہ کیا گیا ان میں اسٹی ٹیوٹ آف سٹریٹجک سٹڈیز اسلام آباد (آئی ایس ایس آئی) اور جمہوریہ کرغزستان کے نیشنل اسٹی ٹیوٹ فار سٹریٹجک انٹیشی ایٹو کے درمیان مفاہمت کی یادداشت کی دستاویز، پاکستان کی وزارت خارجہ اور کرغزستان کی وزارت خارجہ کے درمیان 27-2026 کیلئے تعاون کا پروگرام، پاکستان کی حکومت اور کرغزستان کے کابینہ وزرا کے درمیان ٹرانزٹ ٹریڈ بارے معاہدہ، کرغزستان اور پاکستان کی حکومت کے درمیان حوالگی کا معاہدہ، حکومت پاکستان اور کرغزستان کے درمیان سائنس اور تکنیکی تعاون کا معاہدہ ، پاکستان اور کرغزستان کے درمیان فوجداری معاملات میں باہمی قانونی معاونت کے معاہدے کا مسودہ ، کرغزستان کی وزارت داخلہ اور پاکستان کی وزارت داخلہ وانسداد منشیات کے درمیان منشیات، نشہ آور اشیا اور پریکرسر کیمیکلز وغیرہ کی سمگلنگ کی روک تھام میں تعاون کیلئے مفاہمت کی یادداشت، کرغزستان کی وزارت صحت اور پاکستان میڈیکل اینڈ ڈینٹل کونسل کے درمیان طبی تعلیم کیلئے تعاون سے متعلق مفاہمت کی یادداشت ، کرغزستان کی وزارت تعلیم اور پاکستان کی وزارت وفاقی تعلیم و پیشہ ورانہ تربیت کے درمیان تعلیم کے شعبہ میں تعاون سے متعلق مفاہمت کی یادداشت ، کرغزستان کی وزارت قدرتی وسائل، ماحولیات اور تکنیکی نگرانی اور پاکستان کی وزارت موسمیاتی تبدیلی اور ماحولیاتی رابطہ کاری کے درمیان ماحولیات اور موسمیاتی تبدیلی کے شعبے میں تعاون کیلئے مفاہمت کی یادداشت ،این ڈی یو پاکستان اور نیشنل اسٹی ٹیوٹ فار سٹریٹجک انٹیشی ایٹوز کرغزستان کے درمیان اکیڈمک ریسرچ اور معاون سرگرمیوں کے شعبے میں مفاہمت کی یادداشت، کرغزستان کے صدر کیزیر انتظام قومی ایجنسی برائے ورچوئل ایسٹس اور بلاک چین ٹیکنالوجیز اور پاکستان ورچوئل ایسیٹس ریگولیٹری اتھارٹی کے درمیان ورچوئل اثاثوں کے شعبے میں تعاون کے لیے مفاہمت کی یادداشت، لاہور اور کرغزستان کے شہر اوش کے درمیان سسٹر سٹی تعلقات کے قیام کا معاہدہ، اوجے ایس سی کرغز پوسٹ اور پاکستان پوسٹ کے درمیان پوسٹل سروسز اور ای کامرس کے شعبے میں باہمی تعاون سے متعلق دوطرفہ معاہدہ اور کرغزستان کے چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری اور فیڈریشن آف پاکستان چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے درمیان تعاون کے معاہدے کی دستاویزات کا تبادلہ کیا گیا۔ پاکستان کی طرف سے نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ محمد اسحاق ڈار، وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان ،وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات عطااللہ تارڑ، وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان اور وزیراعظم کے معاون خصوصی طارق فاطمی جبکہ کرغزستان کی طرف سے متعلقہ وزرا نے دستاویزات کا تبادلہ کیا۔ بعد ازاں مشترکہ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا کہ پہاڑوں میں گھرے خوبصورت شہر بشکیک میں موجودگی پرخوشی ہے، پرخلوص اور فراخدلانہ میزبانی پر کرغزستان کے صدر صادرژاپاروف اور کرغزعوام کے شکرگزار ہیں ، کرغزستان کے عوام کو پاکستان کے عوام کی طرف سے یوم آزادی اور نومیڈ گیمز کی میزبانی پر دلی مبارکباد پیش کرتے ہیں ، مجھے بھی افتتاحی تقریب میں شرکت کا موقع ملا، پاکستان بھی ان کھیلوں میں حصہ لے رہا ہے۔ وزیراعظم نے کرغزستان کو اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کا 2027-28 کیلئے غیر مستقل رکن منتخب ہونے اور شنگھائی تعاون تنظیم کی کامیاب چیئرمین شپ پر بھی مبارکباد دی۔ وزیراعظم نے کہا کہ نائب وزیراعظم ووزیر خارجہ اسحاق ڈار اور ان کی ٹیم نے کرغزستان کے اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کے غیر مستقل رکن کے انتخاب کیلئے انتھک کوششیں کیں، کرغزستان کے صدر کی قیادت میں ملک کی شاندار ترقی سے بہت متاثر ہوئے ہیں اور کرغزستان نے متاثر کن اقتصادی اہداف حاصل کئے ہیں اور اس ترقی کو عوامی خدمت کا دائرہ وسیع کرنے اور کمزور طبقات کیلئے سہولیات کی فراہمی کے ذریعے بہتر معیار زندگی میں تبدیل کرنے کیلئے بامقصد اقدامات اٹھائے ہیں ۔ وزیراعظم نے کہا کہ پاکستان کرغزستان کیساتھ دونوں ممالک کے درمیان تعاون کے فروغ اور دونوں ممالک کے درمیان دوستی کو مضبوط بنانے کا خواہاں ہے جو قوموں کے درمیان امن اور تعاون کے حوالے سے ہمارا مشترکہ مقصد ہے، اس سلسلے میں آج ہماری انتہائی تعمیری اور مفید بات چیت ہوئی ہے جس میں تجارتی تعلقات کے فروغ پر توجہ مرکوز کی گئی، جس کے بعد دوطرفہ تعاون اور دونوں ممالک کے درمیان اقتصادی روابط کے فروغ کیلئے مختلف ایم او یوز پر دستخط کئے گئے ہیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ اقتصادی شعبے میں تعاون ہماری گفتگو کا محور تھا ،پاکستان کرغزستان کے ساتھ برادرانہ تعلقات کو مزید وسعت دینا چاہتا ہے، ہم نے اس امر پر اتفاق کیا ہے کہ اقتصادی شراکت داری کو مزید عملی اور نتیجہ خیز مرحلے کی طرف لے جانا چاہئے، اس سلسلے میں عملی اقدامات کے جامع منصوبے پر عمل کیا جائے گا جس کا مقصد دو طرفہ تجارت کا حجم بتدریج 200 ملین ڈالر تک بڑھانا، تجارتی طریقہ کار کو بہتر بنانا، مشترکہ سرمایہ کاری کے منصوبوں کو فروغ دینا ، صنعتی تعاون کو مضبوط بنانا اور براہ راست کاروباری روابط کو وسعت دینا ہے۔ انہوں نے کہا کہ دونوں ممالک کے درمیان معاہدوں اور مفاہمت کی یادداشتوں پر دستخط دوطرفہ تعاون کے فروغ کے نئے دور کا آغاز ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ اس وقت پاکستان اور کرغزستان کے درمیان دوطرفہ تجارت کا حجم صرف 16 ملین ڈالر ہے جو ہماری دوستی، بھائی چارے اور مضبوط تعلقات سے کسی طور مطابقت نہیں رکھتا، ہمیں اس بات کو یقینی بنانا ہوگا کہ آئندہ دو سال میں دوطرفہ تجارت کا حجم 16 ملین ڈالر سے بڑھا کر 200 ملین ڈالر تک لیجائیں، یہ کوئی مشکل کام نہیں ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ پاکستان کے کاروباری اور مالیاتی اداروں کی کرغزستان کے کاروباری اور مالیاتی اداروں کے ذمہ داروں کے ساتھ وسیع تر رابطوں کا خیر مقدم کرتے ہیں تاکہ دوطرفہ اقتصادی تعاون کے مشترکہ وژن کو آگے بڑھایا جاسکے۔ پاکستان اور کرغزستان کی حکومتوں اور نجی شعبے کے درمیان تجارتی تعلقات کو وسعت دیں گے، رابطہ کاری جنوبی ایشیا اور وسطی ایشیا کے درمیان اقتصادی تعلقات کیلئے ہمارے مشترکہ وژن کا محور ہے، ہم راہداری تجارت کے معاہدے کے خیر مقدم کرتے ہیں جس سے دوطرفہ تجارت کو فروغ ملے گا، سفری سہولیات بہتر ہونگی اور علاقائی سطح پر رابطے کیلئے نئے مواقع پیدا ہوں گے۔ وزیراعظم نے 4 ملکی راہداری معاہدے پر عملدرآمد کے عزم کا اعادہ کیا اور کہا کہ ٹرانسپورٹ، کسٹمز اور انتظامی طریقہ کار کو آسان بنانے پر اتفاق کیا گیا ہے، توانائی کے شعبے میں تعاون ہماری شراکت داری کا اہم ستون ہے۔ ہم کاسا1000 منصوبے کی بروقت تکمیل کا اعادہ کرتے ہیں اور بجلی ، پن بجلی، متبادل توانائی، توانائی کے بنیادی ڈھانچے اور جدید ٹیکنالوجی سے متعلق عملی تعاون کیلئے مشترکہ ورکنگ گروپ کا قیام خوش آئند ہے۔ دونوں ممالک تجارتی حجم بڑھانے کے لئے قوانین کو مزید سہل بنائیں گے۔ وزیراعظم نے کرغزستان کی طرف سے کاسا1000 منصوبے کی تکمیل میں پیشرفت پر کرغزستان کے صدر کو خراج تحسین پیش کیا اور کہا کہ انہیں اس بات پر خوشی ہے کہ دونوں ممالک کے درمیان تعلیم ،سائنس وٹیکنالوجی، صحت، ثقافت اور سیاحت کے شعبوں میں تعاون کو فروغ ملا ہے، ہم دو قدیم شہروں اوش اور لاہور کے درمیان سسٹر سٹی تعلقات کے قیام کا خیر مقدم کرتے ہیں، سلمان ٹو، لاہور قلعہ اور بادشاہی مسجد شاندار تاریخ اور ثقافتی ورثے کی عکاسی کرتے ہیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ دونوں برادر ممالک کے درمیان سکیورٹی اور دفاع کے شعبوں میں تعاون پر بھی بات ہوئی ہے، ہم دہشت گردی ، انتہا پسندی اور دیگر عصری خطرات سے منٹیلیئے تعاون بڑھانے کیلئے اپنے عزم کا اعادہ کرتے ہیں ۔ وزیراعظم نے کہا کہ کرغزستان کیصدر کے ساتھ ملاقات میں دوطرفہ امور کے ساتھ ساتھ باہمی دلچسپی کے علاقائی اور بین الاقوامی امور بھی زیر بحث آئے اور ہم نے ماحولیاتی اور موسمیاتی مسائل پر تعاون کو فروغ دینے پر اتفاق کیا ہے اور اس بات پر بھی اتفاق کیا ہے کہ موثر کثیر جہتی نظام عالمی امن اور سلامتی کیلئے اہمیت رکھتا ہے، پاکستان اور کرغزستان اقوام متحدہ اور دیگر عالمی فورمز پر ایک دوسرے کیساتھ مل کر کام کررہے ہیں، پاکستان کرغزستان کو وسطی ایشیا میں انتہائی اہم اور قابل قدر شراکت دار تصور کرتا ہے، ہمارے دورے سے دونوں ممالک کے درمیان تعلقات کو مزید فروغ ملے گا، دونوں ممالک مل کر دہشت گردی اور انتہاپسندی کے خلاف کام کریں گے ۔ وزیراعظم نے کرغزستان کے صدر کو پاکستان کے دورے کی دعوت بھی دی۔ اس موقع پر کرغزستان کے صدر صادرژاپاروف نے کہا کہ وزیراعظم محمد شہباز شریف اور ان کے وفد کو کرغزستان میں خوش آمدید کہتے ہیں۔ پاکستان کے میرے دورے کے بعد صدر آصف علی زرداری نے بھی رواں سال جولائی میں کرغزستان کا دورہ کیا تھا، مختصر عرصہ میں دونوں ممالک کے درمیان اعلیٰ سطحی رابطے مضبوط باہمی اعتماد اور کرغزستان پاکستان تعلقات کو نئی سطح پر لے جانے کے مشترکہ عزم کا عکاس ہیں ۔ پاکستان کے ساتھ ہمارے برادرانہ تعلقات ہیں۔ پاکستان کے ساتھ دوطرفہ تعاون بڑھانے کے خواہاں ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دونوں ممالک کے درمیان سرمایہ کاری کے وسیع مواقع موجود ہیں۔ دونوں ممالک کے درمیان اعلیٰ سطح کے رابطوں کو مزید فروغ دیا جائے گا۔ پاکستان کے ساتھ تعلقات کو نئی بلندیوں تک لے جانا چاہتے ہیں ۔ کرغز صدر نے کہا کہ معیشت کا شعبہ کرغزستان اور پاکستان کی شراکت داری کا بڑا ستون ہے۔ ہم نے دوطرفہ تجارت کو فروغ دینے اور سرمایہ کاری بڑھانے کیلئے منظم اقدامات پر اتفاق کیا ہے، ہم ادویہ سازی، زراعت، توانائی، ہلکی مشینری ، سیاحت، ڈیجیٹل معیشت، ورچوئل اثاثوں اور دیگر شعبوں میں مشترکہ منصوبوں پر عملدرآمد کیلئے تیار ہیں، بڑا سپورٹ اور لاجسٹکس پر خصوصی گفتگو کی گئی ہے۔ پاکستان کی بندرگاہیں جنوبی ایشیا کی مارکیٹوں اور بین الاقوامی تجارت کیلئے کرغزستان کا قدرتی راستہ ہیں۔ اسی طرح کرغزستان وسطی ایشیا اور یورو ایشیا وژن کی مارکیٹوں تک رسائی کیلئے پاکستان کیلئے اہم گزرگاہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم توانائی کے شعبے میں تعاون جاری رکھیں گے۔ کاسا1000 منصوبہ جنوبی ایشیا کی بڑھتی ہوئی ضروریات پوری کرنے کیلئے انتہائی اہمیت کا حامل ہے، عوام کی سطح پر رابطے دونوں ممالک کے درمیان دوستی کی مضبوط بنیاد ہیں، ہزاروں پاکستانی طلبا کرغزستان میں بالخصوص میڈیکل کی تعلیم حاصل کررہے ہیں جو آگے چل کر دونوں ممالک کے درمیان تعلقات کو مضبوط بنانے کا ذریعہ بنیں گے، سائنس، ثقافت، سیاحت ، نوجوانوں کے دوروں اور کھیلوں کا شعبہ بھی دوطرفہ تعلقات میں اہمیت کا حامل ہے۔ پاکستان کا کھیلوں کا ایک بڑا دستہ چھٹے عالمی نومیڈ گیمز میں حصہ لے رہا ہے۔ آج کی بات چیت سے پاکستان اور کرغزستان کے درمیان تعاون کو مزید مضبوط بنانے اور دونوں ممالک کے درمیان دوستی کیلئے مضبوط بنیاد رکھی گئی ہے۔ مل ازیں دونوں ممالک کے درمیان مختلف شعبوں میں تعاون کے فروغ کیلئے معاہدوں اور مفاہمت کی یادداشتوں کا بھی تبادلہ کیا گیا جبکہ وزیراعظم محمد شہباز شریف اور کرغزستان کے صدر صادرژاپاروف نے مشترکہ اعلامیہ پر دستخط اور دستاویز کا تبادلہ کیا۔

(3)
آمد پر پاکستان اور کرغزستان کے قومی ترانے بجائے گئے ۔ بعدازاں وزیراعظم شہباز شریف کو صدارتی محل آمد پر گارڈ آف آنر پیش کیا گیا، دونوں رہنماؤں نے گارڈ آف آنر کا معائنہ کیا، کرغزستان کی مسلح افواج کے چاق وچوبند دستے نے وزیراعظم کو سلامی دی۔ اس موقع پر کرغز صدر نے وزیراعظم شہباز شریف کا اپنے وفد کے ارکان سے تعارف بھی کرایا، جبکہ وزیراعظم نے بھی کرغز صدر سے پاکستانی وفد کے ارکان کا تعارف کرایا۔

(4)
بچی کے درمیان ملاقات کے دوران کی گئی۔ ملاقات میں بتایا گیا کہ یونیسکو کے عالمی ثقافتی ورثہ مرکز کی عارضی فہرست میں پاکستان کے 37 مقامات شامل ہیں، جن میں آثار قدیمہ کا مقام رانی گھاٹ اور بنھبور بھی شامل ہیں۔ ملاقات کے دوران بتایا گیا کہ عالمی ثقافتی ورثہ ٹیلنٹ سے متعلق ایک وفد کا 6 سے 11 ستمبر 2026 کے دوران بنھبور کا دورہ متوقع ہے جبکہ وفاقی سیکریٹری قومی ورثہ وثقافت اسد رحمان گیلانی کو بھی وفد میں شرکت کی دعوت دی گئی ہے۔

(5)
تنصیب کے منصوبے کی منظوری دے دی ہے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ جلد ای سی سی سے فنڈز جاری کرا کر منصوبے کا پرائیس اور ٹینڈر کیا جائے گا، جبکہ سوئی گیس حکام تنصیب کا کام کریں گے۔ ان کے مطابق دوسرے مرحلے میں قلعہ سیف اللہ، مسلم باغ، چمن اور قلعہ عبداللہ میں بھی گیس پلانٹس کی منظوری کے لیے اقدامات کیے جائیں گے۔ سینیٹر بلال مندوخیل نے کہا کہ منصوبے کی تکمیل سے عوام کو سستے گیس سلنڈر دستیاب ہوں گے اور ژوب وشیرانی کے قیمتی زیتون کے جنگلات کے تحفظ میں مدد ملے گی۔

(6)
فرانس، چین اور امریکہ کی مختلف ریاستیں بھی شامل ہیں۔ سارہ احمد نے کہا کہ کم عمر بچوں کے سوشل میڈیا استعمال سے متعلق قوانین اور عمری کی پابندیاں متعارف کرا چکے ہیں، بین الاقوامی رجحانات کے پیش نظر پاکستان میں بھی کم عمر بچوں کے محفوظ ڈیجیٹل مستقبل کیلئے مؤثر قانون سازی ناگزیر ہے۔

(7)
کی جانب سے کسی ہڑتال کی کوئی اپیل یا اعلان جاری نہیں کیا گیا، اس حوالے سے تنظیم کے نام سے سامنے آنے والے کسی بھی اعلان یا بیان سے مرکزی تنظیم تاجران بلوچستان کا کوئی تعلق نہیں۔ انہوں نے یہ بات گزشتہ روز جاری کیے گئے اپنے ویڈیو پیغام میں کہی۔

(8)
دورہ کوئٹہ کے دوران صوبے کی تازہ ترین سیاسی صورتحال، پارلیمانی امور اور باہمی تعاون سے متعلق اہم ملاقاتیں کیں۔ دورے کا مقصد بلوچستان کی سیاسی قیادت اور پارلیمنٹیرینز سے رابطوں کو مزید مضبوط بنانا اور صوبے کے مسائل و ترجیحات پر تبادلہ خیال کرنا تھا۔ کوئٹہ آمد پر گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی ، رکن قومی اسمبلی جمال شاہ کاکڑ، صوبائی وزراء اور ارکان صوبائی اسمبلی نے اسپیکر قومی اسمبلی کا استقبال کیا۔

(9)
ہے، اس لیے نوجوان اپنی پوری توجہ تعلیم پر دیں۔ تعلیم ہی وہ طاقت ہے جو انسان کو پسماندگی سے ترقی کی طرف لے جاسکتی ہے۔ اپنے جاری کردہ پیغام میں وزیر داخلہ بلوچستان میر ضیاء اللہ لانگو نے کہا کہ کسی قوم کا مستقبل صرف نعروں سے نہیں بدلتا، تعلیم، کتاب، قلم، محنت، اچھے کردار اور مسلسل کوشش سے قوموں کا مستقبل بدلتا ہے۔ آج ہمیں دیگر اقوام کا مقابلہ ہتھیاروں سے نہیں بلکہ قلم سے کرنا چاہیے، ہمارے نوجوانوں کو ڈاکٹر، انجینئر، اساتذہ، سائنسدان، وکیل، افسران، محقق، اور ٹیکنالوجی کے ماہرین بننا چاہیے نوجوان محنت کریں اور زندگی کے ہر شعبے میں اعلیٰ مقام حاصل کریں میر ضیاء اللہ لانگو نے کہا کہ جب نوجوان کامیابی حاصل کریں اور اچھے عہدوں پر پہنچیں تو اپنی کامیابی کو صرف اپنے لیے استعمال نہ کریں، بلکہ اپنے علم اور مقام کو اپنے عوام اور بلوچستان کی خدمت کے لیے استعمال کریں نوجوان نسل کی رہنمائی کریں اور ایک بہتر معاشرے کی تعمیر میں اپنا کردار ادا کریں انہوں نے کہا کہ یہ ٹیکنالوجی کا دور ہے، دنیا مصنوعی ذہانت، کمپیوٹر، سائنس، جدید صنعتوں اور ڈیجیٹل ٹیکنالوجی کے ذریعے بہت تیزی سے آگے بڑھ رہی ہے بلوچستان کے نوجوانوں کو بھی جدید ہنر سیکھنے، ان شعبوں میں داخل ہونے، نئے آئیڈیاز پیدا کرنے اور ٹیکنالوجی کا استعمال بلوچستان کی ترقی کے لیے کرنا چاہیے ہم ایک ایسا بلوچستان دیکھنا چاہتے ہیں جہاں تعلیم عام ہو، نوجوان ہنرمند ہوں، علم اور تحقیق کا احترام ہو اور ٹیکنالوجی ترقی کا ذریعہ بنے۔

(10)
صدارت سنبھالنے پر قوم کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے اسے ایک اہم سفارتی کامیابی اور پوری قوم کے لئے باعثِ فخر قرار دیا ہے۔ بدھ کو قومی اسمبلی سیکرٹریٹ کے مطابق سپیکر سردار ایاز صادق نے کہا کہ پاکستان کا خطے کی اہم تنظیم شنگھائی تعاون تنظیم کی صدارت سنبھالنا اور لاہور کی 27-2026 کے لئے ایس سی او کا سیاحتی وثقافتی دارالحکومت قرار دیا جانا عالمی برادری کے پاکستان پر بڑھتے ہوئے اعتماد کا مظہر ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ سفارتی کامیابیاں پاکستان کے سفارتی میدان میں ابھرتے ہوئے تشخص اور عالمی برادری کے بڑھتے ہوئے اعتماد کی دلیل ہیں۔ سپیکر سردار ایاز صادق نے وزیراعظم محمد شہباز شریف کی مدبرانہ قیادت اور فعال سفارتکاری کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ وزیراعظم کی قیادت اور متحرک سفارتی کاوشوں نے عالمی سطح پر پاکستان کے مقام اور وقار کو مستحکم کرنے میں اہم کردار ادا کیا ہے۔ سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے وزیراعظم محمد شہباز شریف، نائب وزیراعظم ووزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار اور چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی مشترکہ سفارتی و تزویراتی کاوشوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ مکہ معاہدہ برائے مشترکہ دفاع کے تحت قائم سٹریٹجک پولیٹیکل اینڈ ڈیفنس کمیٹی کی جانب سے مکہ جوائنٹ ڈیفنس ایگریمنٹ سیکرٹریٹ کے پہلے سیکرٹری جنرل کے طور پر پاکستان سے تین سالہ مدت کے لئے تقرری کا فیصلہ عالمی سطح پر پاکستان کی قیادت پر اعتماد کا مظہر ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ فیصلہ مسلم ممالک کے درمیان اجتماعی دفاع و سلامتی کے شعبوں میں تعاون کے فروغ کے لئے پاکستان کے موثر اور تعمیری کردار کا اعتراف بھی ہے۔ سپیکر سردار ایاز صادق نے کہا کہ پاکستان کی ایس سی او صدارت کا موضوع وژن کو عملی جامہ پہنانا، روابط کا فروغ، جدت اور مشترکہ خوشحالی رکن ممالک کے درمیان مشترکہ امنگوں کو عملی تعاون میں ڈھالنے کے پاکستان کے عزم کی بھرپور عکاسی کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایس سی او کی صدارت پاکستان کو علاقائی تعاون، امن، رابطہ سازی، جدت اور مشترکہ خوشحالی کے فروغ میں موثر اور قائدانہ کردار ادا کرنے کا اہم موقع فراہم کرے گی۔ سپیکر سردار ایاز صادق نے کہا کہ 2027 میں اسلام آباد میں پاکستان کی میزبانی میں منعقد ہونے والا ایس سی او کونسل آف ہیڈز آف اسٹیٹ سربراہی اجلاس پاکستان کی مہمان نوازی، سفارتی صلاحیتوں اور علاقائی امن، رابطہ سازی اور پائیدار ترقی کے لئے پاکستان کے پختہ عزم کو دنیا کے سامنے اجاگر کرنے کا ایک تاریخی موقع فراہم کرے گا۔

(11)
میں مقامی حکومتوں کے نظام کی منظوری دے دی۔ ذرائع کے مطابق مقامی حکومتوں سے متعلق بل قائمہ کمیٹی برائے داخلہ میں منظوری کیلئے (آج) جمعرات کو پیش ہوگا اس حوالے سے ذرائع نے بتایا کہ اسلام آباد میں مقامی حکومتوں کا نظام 3 حلقوں پر مشتمل ہوگا، کونسل ممبران میں جنرل کونسلر، خواتین اور اقلیتی نمائندگی شامل ہوگی۔ ذرائع کے مطابق داخلہ کمیٹی سے منظوری کے بعد بل سینیٹ اور قومی اسمبلی میں منظور کیلئے پیش کیا جائے گا۔ دوسری جانب اسلام آباد کیلئے بلدیاتی قانون میں ترمیم کے معاملے پر پیپلز پارٹی نے قائمہ کمیٹی میں حکومت کے بل کی مخالفت کرنے کا فیصلہ کرلیا ہے تاہم پی پی اور پی ٹی آئی اور پیپلز پارٹی کے درمیان ایوان میں بل کی مخالفت کرنے کے لیے بات چیت جاری ہے۔ ذرائع کے مطابق اسلام آباد کے بلدیاتی قانون سے متعلق دونوں جماعتیں ایوان میں مشترکہ مخالفت کرسکتی ہیں۔ ذرائع کے مطابق مطابق وفاقی حکومت کا اسلام آباد میں بلدیاتی اداروں سے متعلق نافذ آرڈیننس 5 ستمبر کو ختم ہورہا ہے۔

(12)
بالخصوص نئے صوبوں کی بحث میں اپنے مؤقف پر قائم رہنے کا پیغام دیا۔ صدر مملکت آصف زرداری نے کہا کہ قومی مفاد میں تمام فریقوں کو مل کر آگے بڑھنا ہوگا۔

(13)
رابطہ سیکرٹری نورت میر بیروز ملازئی ،سینئر نائب صدر حاجی محمد ابراہیم اچکزئی، آفس سیکرٹری میر ابرار رئیسانی ، نائب صدر میر عدنان لہڑی ، نائب صدر صاحبزادہ نسم اللہ خان سمیت سینئر سیکیاروں نے شرکت کی۔ اجلاس میں ٹھیکیدار برداری کو درپیش مسائل ،آل بلوچستان گورنمنٹ کنٹریکٹرز ایسوی ایشن کے عہدیداروں کی تقریب حلف برداری، کوئٹہ میٹروپولیٹن کارپوریشن کی انتظامیہ اور بی پیپرا کی جانب سے ٹھیکیداروں کو درپیش مسائل سمیت دیگر امور پر تفصیلی غور وخوض کیا گیا اجلاس میں بی پیپرا اور حلف برداری، کوئٹہ میٹروپولیٹن کارپوریشن کے ایڈمنسٹریٹر سے ملاقات کیلئے الگ الگ کمیٹیاں تشکیل دی گئیں جو ملاقاتوں کے بعد اپنی رپورٹس آل بلوچستان گورنمنٹ کنٹریکٹرز ایسوی ایشن کے اجلاس میں پیش کریں گی۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے چیئرمین ملک عبدالغفار مندوخیل اور صدر میر عبدالسلام لانگو، جنرل سیکرٹری ملک مجیب مہترزئی ، ڈپٹی جنرل سیکرٹری صلاح الدین کبزئی نے کہا کہ اسوقت بلوچستان بھر کے ٹھیکیدار گوناگوں مسائل سے دوچار ہیں اور مختلف محکموں کے ایسیئشن کی جانب سے من پسند ٹھیکیداروں کو کام دینے پر ٹھیکیداروں میں سخت تشویش پائی جاتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ آل بلوچستان گورنمنٹ کنٹریکٹرز ایسوی ایشن بلوچستان بھر کے ٹھیکیداروں کی نمائندہ تنظیم ہے جو ٹھیکیدار برادری کے مسائل کے حل کیلئے قائم کی گئی ہے اور اب تک ٹھیکیداروں کو درپیش بہت سے مسائل حل کئے جاچکے ہیں جبکہ دیگر مسائل کے حل کیلئے ہم اپنی جدوجہد جاری رکھیں گے۔ انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت اور تمام محکموں کے سیکرٹریز کو چاہئے کہ وہ ٹینڈرنگ کے مکمل کو صاف اور شفاف بنائیں اور مختلف اضلاع میں من پسند ٹھیکیداروں کو نوازنے کا سلسلہ بند کیا جائے بصورت دیگر آل بلوچستان گورنمنٹ کنٹریکٹرز ایسوی ایشن سخت احتجاج پر مجبور ہوگی۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ آل بلوچستان گورنمنٹ کنٹریکٹرز ایسوی ایشن کی مرکزی اور تمام اضلاع کے عہدیداروں کی تقریب حلف برادری اکتوبر کے پہلے ہفتے میں کوئٹہ میں منعقد کی جائے گی جس کی تیاریوں کیلئے باقاعدہ کمیٹی قائم کردی گئی ہے۔

(14)
پک اپ گاڑی الٹ گئی جس کے نتیجے میں ایک مزدور جاں بحق جبکہ 12 شدید زخمی ہوگئے، حادثے کی اطلاع ملتے ہی 1122 کے ریسکیو اہلکاروں نے موقع پر پہنچ کر لاش اور زخمیوں کو ڈی ایچ کیوں ہسپتال قلات منتقل کردیا، جہاں شدید زخمیوں کو مزید علاج کے لیے کوئٹہ ریفر کردیا گیا۔ مزید کارروائی جاری ہے۔

(15)
منصوبوں پر بیک وقت کام کیا جائے تاکہ بجلی کے بحران پر جلد قابو پایا جاسکے۔ وفاقی وزیر نے یہ ہدایات وزیراعظم کی جانب سے گلگت بلتستان کے ترقیاتی مسائل کا جائزہ لینے اور خطے کی ترقی کے لیے قابل عمل سفارشات مرتب کرنے کے لیے قائم کمیٹی کے دوسرے اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے دیں۔ اجلاس میں وزیراعلیٰ گلگت بلتستان امجد حسین زہیر، گلگت بلتستان اسمبلی میں قائد حزب اختلاف، وفاقی وزیر برائے توانائی سردار اویس احمد خان لغاری نے ویڈیو لنک کے ذریعے جبکہ وفاقی اور گلگت بلتستان حکومتوں کے اعلیٰ حکام نے شرکت کی۔

(16)
کی جانب سے فراہم کردہ خدمات پر بلوچستان سیلز ٹیکس آن سروسز (BSTS) کی شرح 2 فیصد مقرر ہے۔ بلوچستان ریونیو اتھارٹی نے متعلقہ لیبارٹریز اور سروس فراہم کنندگان کو ہدایت کی ہے کہ وہ قابل اطلاق ٹیکس قوانین کے تحت بی آر اے کے ساتھ رجسٹریشن، درست ٹیکس رپورٹنگ، بروقت ریٹرن فائلنگ اور واجب الادا ٹیکس کی بروقت ادائیگی یقینی بنائیں۔ اتھارٹی نے واضح کیا کہ ٹیکس قوانین کی پاسداری سروس فراہم کنندگان کی قانونی ذمہ داری ہے، جبکہ بروقت ٹیکس ٹیکیل سے شفاف ٹیکس نظام، ٹیکس بیس میں توسیع اور صوبائی محصولات میں اضافے میں مدد ملتی ہے۔

(17)
رکنیت سے ڈی نوٹیفائی کر دیے گئے۔ چاروں ارکان کو 31 اگست 2026 سے اسلام آباد ہیلتھ کیئر ریگولیٹری اتھارٹی بورڈ سے ڈی نوٹیفائی کیا گیا۔ وزارت قومی صحت نے آئی ایچ آر اے بورڈ کے ارکان کا نوٹیفیکیشن جاری کردیا۔

(18)
فراد کو بیانات ریکارڈ کرانے کے لیے حتمی نوٹس جاری کردیے۔ بدھ کو سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن کی جانب سے جاری بیان کے مطابق حتمی نوٹس محمد فرخ، صفدر سجاد، فہمیدہ امین اور حنا صفدر کو جاری کیے گئے ہیں اور انہیں 3 ستمبر 2026 کو ایس ای سی پی کے کراچی دفتر میں تحقیقاتی ٹیم کے سامنے ذاتی حیثیت میں پیش ہونے کی ہدایت کی گئی ہے۔ ان افراد کو اس سے قبل 31 اگست کو طلب کیا گیا تھا، تاہم نوٹسز کے مطابق وہ نہ تو پیش ہوئے اور نہ ہی نئی تاریخ کی درخواست کی۔ ایس ای سی پی نے 2 جون 2026 کو سکیورٹیز ایکٹ 2015 کی دفعہ 139 کے تحت یونی فوڈز کے شیئرز میں غیر معمولی ٹریڈنگ کی باضابطہ تحقیقات شروع کی تھیں۔ تحقیقات میں متعلقہ افراد کی یونی فوڈز کے شیئرز میں ٹریڈنگ کا جائزہ لیا جارہا ہے۔ محمد فرخ کو خصوصاً یونی فوڈز کے شیئرز پیٹکوں کے پاس گروی رکھنے سے متعلق وضاحت اور معاون ریکارڈ فراہم کرنے کی ہدایت کی گئی ہے جبکہ صفدر سجاد، فہمیدہ امین اور حنا صفدر سے یونی فوڈز کے شیئرز میں ان کی ٹریڈنگ سے متعلق بیانات ریکارڈ کیے جائیں گے۔ ایس ای سی پی غیر معمولی ٹریڈنگ اور متعلقہ لین دین کا جائزہ لے رہا ہے تاکہ یہ تعین کیا جاسکے کہ آیا سکیورٹیز قوانین کی کوئی خلاف ورزی ہوئی ہے۔ چاروں افراد کو تحقیقاتی ٹیم کے سامنے پیشی کے موقع پر متعلقہ دستاویزات اور ٹریڈنگ ریکارڈ بھی ساتھ لانے کی ہدایت کی گئی ہے۔

(19)
تمام عوام اور پشتون قوم کو مبارکباد پیش کرت

مصطفیٰ کمال سے اسلام آباد ہیلتھ ریگولیٹری اتھارٹی کے ارکان کی ملاقات، لائسنسنگ کے عمل کو فوری طور پر دوبارہ شروع کرنے کی ہدایت

تیار کیمپز پروفوری کارروائی شروع کی جائے، زیرِ التوا کیمپز نمٹانے کے لیے روزانہ کی بنیاد پر قابلِ عمل اہداف مقرر کیے جائیں، وفاقی وزیر

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر صحت سید مصطفیٰ کمال سے اسلام آباد ہیلتھ ریگولیٹری اتھارٹی (آئی ایچ آر اے) کے ارکان نے ملاقات کی، ملاقات میں اسلام آباد میں ہیلتھ کیئر اداروں کی رجسٹریشن اور لائسنسنگ کے عمل کی بحالی اور اسے موثر بنانے کے حوالے سے اہم امور پر غور کیا گیا۔ترجمان وزارتِ صحت کی جانب سے جاری بیان کے مطابق ملاقات میں آئی ایچ آر اے کو لائسنسنگ کے عمل کو فوری طور پر دوبارہ شروع کرنے کی ہدایت کی گئی۔

اسحاق ڈار کی کرغز وزیر خارجہ سے ملاقات، دوطرفہ تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ

بشکیک (این این آئی) نائب وزیر اعظم اور وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے بدھ کو بشکیک میں وزیر اعظم محمد شہباز شریف کی کرغزستان کے صدر صادر ژاپاروف سے ملاقات سے قبل کرغز وزیر خارجہ ژین بیک کلوبایف سے ملاقات کی۔

بھارت کو سفارتی محاذ سمیت ہر جگہ ہزیمت اٹھانا پڑ رہی ہے، خواجہ آصف

سندھ طاس معاہدے سے متعلق ثالثی عدالت کا فیصلہ واضح ہے، وزیر دفاع کی گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) وزیر دفاع خواجہ محمد آصف نے کہا ہے کہ بھارت کو سفارتی محاذ سمیت ہر جگہ ہزیمت اٹھانا پڑ رہی ہے۔ پارلیمنٹ ہاؤس میں میڈیا سے گفتگو میں خواجہ آصف نے کہا کہ سندھ طاس معاہدے سے متعلق ثالثی عدالت کا فیصلہ واضح ہے۔انہوں نے کہا کہ فیصلے میں بتایا گیا ہے کہ یکطرفہ طور پر اس معاہدے کو ختم نہیں کیا جاسکتا، جو فریم ورک پہلے سے موجود ہے وہی چلتا رہے گا۔معاہدے میں کومہ، فل اسٹاپ کوئی بھی چیز تبدیل کرنی ہو تو دونوں فریق طے کریں گے۔انہوں نے کہا کہ سندھ طاس معاہدہ 46 سال تک خوش اسلوبی کیساتھ برقرار رہا ہے، جب میں وزیر آبی وسائل تھا اس وقت ہم نے سوا سو کے قریب دورے کیے۔خواجہ آصف نے کہا کہ بھارت کو سفارتی (بقیہ 15 صفحہ 3 پر)

تاجر آسان ٹیکس سکیم پر وضاحتی سرکلر جاری کیا جائے' پاکستان ٹیکس بار

ایف بی آر 10 نکات پر طلب کی گئی وضاحت کا جواب دے' صدر احسان الحق، جنرل سیکرٹری طاہر محمود بٹ

لاہور (این این آئی) پاکستان ٹیکس بار ایسوسی ایشن نے فیڈرل بورڈ آف ریونیو سے مطالبہ کیا ہے کہ تاجر آسان ٹیکس سکیم پر فوری وضاحتی سرکلر جاری کیا جائے تاکہ موجودہ ابہامات دور ہوں اور زیادہ سے زیادہ تاجروں کو سکیم میں شامل ہونے پر آمادہ کیا جاسکے، 9 اگست کو ایف بی آر کو خط لکھ کر سکیم کے حوالے سے 10 اہم نکات پر وضاحت طلب کی تھی جس کا تاحال کوئی جواب نہیں دیا گیا۔

محکمہ موسمیات کی 4 اور 5 ستمبر کو بالائی علاقوں خصوصاً

خطہ پوٹھوہار اور اسلام آباد میں مزید بارشوں کی پیشگوئی

اسلام آباد (این این آئی) محکمہ موسمیات نے 4 اور 5 ستمبر کو بالائی علاقوں خصوصاً خطہ پوٹھوہار اور اسلام آباد میں مزید بارشوں کی پیشگوئی کردی۔محکمہ موسمیات کے مطابق مون سون ہوائیں ملک کے (بقیہ 25 صفحہ 3 پر)

اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق کی چیف منسٹر سیکرٹریٹ آمد پر وزیر اعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی معزز مہمان کو خوش آمدید کہتے ہوئے اپنے خیالات کا اظہار کر رہے ہیں

یوم دفاع وشہداء، پشاور کے تعلیمی اداروں میں پاک فوج کے زیر اہتمام تقریبات

یوم دفاع وشہداء کی مناسبت سے ملی نغموں، ٹیبلوز اور تقریری مقابلوں کا بھی انعقاد کیا گیا، انعامات تقسیم

پشاور (این این آئی) یوم دفاع وشہداء کی مناسبت سے آئی سی ایم ماڈل سکول، پلے بی کیڈٹ کالج اور علی گڑھ ایجوکیشن سکول میں پُر وقار تقریبات کا انعقاد ہوا، جس میں یوم دفاع وشہداء کی مناسبت سے ملی نغموں، ٹیبلوز اور تقریری مقابلوں کا بھی انعقاد کیا گیا۔طلبہ وطالبات نے دفاع وطن کے لیے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے شہداء کو خراج عقیدت پیش کیا۔اس موقع پر پاک فوج کے افسران اور جوانوں نے بھی تقریبات میں شرکت کی اور طلبہ وطالبات کی حوصلہ افزائی کی۔

پاکستانی نوجوان نے 6 سال میں اپنی مدد آپ کے تحت ہیلی کاپٹر تیار کرلیا

صوبائی حکومت کا 6 ستمبر کو باجوڑ اسپورٹس کمپلیکس میں آزمائشی مظاہرے کے بعد اڑان کی اجازت دینے کا وعدہ

باجوڑ (این این آئی) خیبر پختونخوا کے ضلع باجوڑ کے ذہین اور باصلاحیت نوجوان نے 6 سال میں اپنی مدد آپ کے تحت ہیلی کاپٹر تیار کر لیا۔میڈیا رپورٹ کیمطابق سبحان اللہ نامی نوجوان نے محدود وسائل اور مشکلات کے باوجود 6 سال کی مسلسل محنت کے بعد اپنی مدد آپ کے تحت ہیلی کاپٹر تیار کیا۔حکومت نے 6 ستمبر کو باجوڑ اسپورٹس کمپلیکس میں آزمائشی مظاہرے کے بعد اڑان کی اجازت دینے کا وعدہ کیا ہے۔باصلاحیت نوجوان مقامی سطح پر لوگوں کی توجہ کا مرکز بن گیا۔

عالمی بینک نے ینگ پروفیشنلز پروگرام کیلئے اہل امیدواروں سے درخواستیں طلب کرلی

سلیکشن کا عمل انتہائی سخت اور بین الاقوامی سطح پر مسابقتی ہوتا ہے

نیویارک (این این آئی) عالمی بینک نے ینگ پروفیشنلز پروگرام کیلئے اہل امیدواروں سے درخواستیں طلب کرلیں۔بینک گروپ کی جانب سے جاری بیان کے (بقیہ 49 صفحہ 3 پر)

بھارت کو سفارتی محاذ سمیت ہر جگہ ہزیمت اٹھانا پڑ رہی ہے، خواجہ آصف

سندھ طاس معاہدے سے متعلق ثالثی عدالت کا فیصلہ واضح ہے، وزیر دفاع کی گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) وزیر دفاع خواجہ محمد آصف نے کہا ہے کہ بھارت کو سفارتی محاذ سمیت ہر جگہ ہزیمت اٹھانا پڑ رہی ہے۔ پارلیمنٹ ہاؤس میں میڈیا سے گفتگو میں خواجہ آصف نے کہا کہ سندھ طاس معاہدے سے متعلق ثالثی عدالت کا فیصلہ واضح ہے۔انہوں نے کہا کہ فیصلے میں بتایا گیا ہے کہ یکطرفہ طور پر اس معاہدے کو ختم نہیں کیا جاسکتا، جو فریم ورک پہلے سے موجود ہے وہی چلتا رہے گا۔معاہدے میں کومہ، فل اسٹاپ کوئی بھی چیز تبدیل کرنی ہو تو دونوں فریق طے کریں گے۔انہوں نے کہا کہ سندھ طاس معاہدہ 46 سال تک خوش اسلوبی کیساتھ برقرار رہا ہے، جب میں وزیر آبی وسائل تھا اس وقت ہم نے سوا سو کے قریب دورے کیے۔خواجہ آصف نے کہا کہ بھارت کو سفارتی (بقیہ 15 صفحہ 3 پر)

تاجر آسان ٹیکس سکیم پر وضاحتی سرکلر جاری کیا جائے' پاکستان ٹیکس بار

ایف بی آر 10 نکات پر طلب کی گئی وضاحت کا جواب دے' صدر احسان الحق، جنرل سیکرٹری طاہر محمود بٹ

لاہور (این این آئی) پاکستان ٹیکس بار ایسوسی ایشن نے فیڈرل بورڈ آف ریونیو سے مطالبہ کیا ہے کہ تاجر آسان ٹیکس سکیم پر فوری وضاحتی سرکلر جاری کیا جائے تاکہ موجودہ ابہامات دور ہوں اور زیادہ سے زیادہ تاجروں کو سکیم میں شامل ہونے پر آمادہ کیا جاسکے، 9 اگست کو ایف بی آر کو خط لکھ کر سکیم کے حوالے سے 10 اہم نکات پر وضاحت طلب کی تھی جس کا تاحال کوئی جواب نہیں دیا گیا۔

اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق کی چیف منسٹر سیکرٹریٹ آمد پر وزیر اعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی معزز مہمان کو خوش آمدید کہتے ہوئے اپنے خیالات کا اظہار کر رہے ہیں

بلوچستان اسمبلی کا اجلاس آج سہ پہر تین بجے ہوگا

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان اسمبلی کا اجلاس آج سہ پہر تین بجے ہوگا۔ (بقیہ 31 صفحہ 3 پر)

یوم دفاع وشہداء، پشاور کے تعلیمی اداروں میں پاک فوج کے زیر اہتمام تقریبات

یوم دفاع وشہداء کی مناسبت سے ملی نغموں، ٹیبلوز اور تقریری مقابلوں کا بھی انعقاد کیا گیا، انعامات تقسیم

پشاور (این این آئی) یوم دفاع وشہداء کی مناسبت سے آئی سی ایم ماڈل سکول، پلے بی کیڈٹ کالج اور علی گڑھ ایجوکیشن سکول میں پُر وقار تقریبات کا انعقاد ہوا، جس میں یوم دفاع وشہداء کی مناسبت سے ملی نغموں، ٹیبلوز اور تقریری مقابلوں کا بھی انعقاد کیا گیا۔طلبہ وطالبات نے دفاع وطن کے لیے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے شہداء کو خراج عقیدت پیش کیا۔اس موقع پر پاک فوج کے افسران اور جوانوں نے بھی تقریبات میں شرکت کی اور طلبہ وطالبات کی حوصلہ افزائی کی۔

پاکستانی نوجوان نے 6 سال میں اپنی مدد آپ کے تحت ہیلی کاپٹر تیار کرلیا

صوبائی حکومت کا 6 ستمبر کو باجوڑ اسپورٹس کمپلیکس میں آزمائشی مظاہرے کے بعد اڑان کی اجازت دینے کا وعدہ

باجوڑ (این این آئی) خیبر پختونخوا کے ضلع باجوڑ کے ذہین اور باصلاحیت نوجوان نے 6 سال میں اپنی مدد آپ کے تحت ہیلی کاپٹر تیار کر لیا۔میڈیا رپورٹ کیمطابق سبحان اللہ نامی نوجوان نے محدود وسائل اور مشکلات کے باوجود 6 سال

عالمی بینک نے ینگ پروفیشنلز پروگرام کیلئے اہل امیدواروں سے درخواستیں طلب کرلی

سلیکشن کا عمل انتہائی سخت اور بین الاقوامی سطح پر مسابقتی ہوتا ہے

نیویارک (این این آئی) عالمی بینک نے ینگ پروفیشنلز پروگرام کیلئے اہل امیدواروں سے درخواستیں طلب کرلیں۔بینک گروپ کی جانب سے جاری بیان کے (بقیہ 49 صفحہ 3 پر)

اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق مسلم لیگن کے پالیمنٹریز اور عہدیداران سے گفتگو کر رہے ہیں اس موقع پر گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل اسپیکر عبدالخالق خان اچکزئی اور ایم ان اے جمال شاہ کاکڑ بھی موجود ہیں

ایف سی بلوچستان ٹریننگ سینٹر خضدار میں بیسک ملٹری ٹریننگ بیچ 76 کی پاسنگ آؤٹ پریڈ

1422 ریکروٹس تربیت مکمل کرکے پاس آؤٹ، تقریب کے مہمان خصوصی کمانڈنٹ خضدار تھے

کوئٹہ (این این آئی) ایف سی بلوچستان (ساؤتھ) ٹریننگ سینٹر خضدار میں بیسک ملٹری ٹریننگ بیچ 76 کی پُر وقار پاسنگ آؤٹ پریڈ ہوئی، جس میں 1422 ریکروٹس تربیت مکمل کرکے پاس آؤٹ ہوگئے۔ پاسنگ آؤٹ تقریب کے مہمان خصوصی کمانڈنٹ خضدار تھے، پاسنگ آؤٹ تقریب میں مقامی نمائندین، سول وعسکری حکام اور طلبہ نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔کمانڈنٹ خضدار نے تربیت مکمل کرنے والے ریکروٹس کو مبارکباد پیش کی۔

میں یہ نہیں کہہ سکتا پمز ہسپتال اب محفوظ ہے اور مستقبل میں کوئی حادثہ نہیں ہوگا' مصطفیٰ کمال

وزیر اعظم نے پمز واقعے پر استعفے سے متعلق بات کرنے سے منع کیا، اس معاملے میں کچھ مسٹمٹس ہیں

لاہور (این این آئی) وفاقی وزیر صحت مصطفیٰ کمال نے کہا ہے کہ وزیر اعظم نے پمز واقعے پر استعفے سے متعلق بات کرنے سے منع کیا ہے، اس معاملے میں میری ان کے ساتھ کچھ مسٹمٹس ہیں، اگر انکوائری کمیٹی استعفے کا مطالبہ کرتی ہے تو انہیں اس معاملے میں سرپرائز ملے گا، پمز ہسپتال میں 14 نومولود بچوں کی اموات کے واقعے کی تحقیقات کے لیے وزیر اعظم کی جانب سے قائم کی گئی اعلیٰ سطحی کمیٹی نے 8 افراد اور ایک سکیوریٹی کمپنی کو ذمہ دار قرار دیا ہے۔

وزیر خزانہ کی ڈوچے بینک کے علاقائی چیف ایگزیکٹو سے ملاقات، ادارہ جاتی روابط مزید مضبوط بنانے پر تبادلہ خیال

حکومت بیرونی قرضوں کی ساخت کو بہتر بنانے اور مقروض بنانے کے ساتھ ساتھ مالی کنٹیجنسی اور بین الاقوامی مالیاتی اداروں کے ساتھ روابط مزید مضبوط کرنے کے لیے اقدامات کر رہی ہے

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر خزانہ و محصولات سینیٹر محمد اورنگزیب نے ڈوچے بینک کے مشرق وسطیٰ و افریقہ کے علاقائی چیف ایگزیکٹو جمال اللبیشی سے ملاقات کی جس میں ڈوچے بینک کے کنٹری منیجر پاکستان علی حیدر زیدی بھی موجود تھے۔ ملاقات کے دوران پاکستان کے معاشی منظرنامے، سرمایہ کاری کے مواقع اور ڈوچے بینک کی جانب سے پاکستان کے ساتھ مزید گہرے تعاون کے امکانات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔

مقبوضہ جموں وکشمیر میں محاصرے اور تلاشی کی کارروائیاں اور چھاپوں کا سلسلہ تیز کرنے کے احکامات

بھارتی فورسز کشمیری عوام پر مسلسل دباؤ برقرار رکھیں اور پورے علاقے پر غلبہ قائم کرنے کی جارحانہ حکمتِ عملی اپنائیں

سرینگر (این این آئی) غیر قانونی طور پر بھارت کے زیر قبضہ جموں وکشمیر میں مودی حکومت نے دہشت گرد نیٹ ورکس کے خلاف کارروائی کی آڑ میں محاصرے اور تلاشی کی کارروائیوں، چھاپوں اور نگرانی کا عمل مزید سخت کرنے کے احکامات جاری کیے ہیں۔کشمیر میڈیا سروس کے مطابق یہ ہدایات لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا کی زیر صدارت ایک اعلیٰ سطحی اجلاس میں جاری کی گئیں۔منوج سنہا نے بھارتی فورسز پر زور دیا کہ وہ کشمیری عوام پر مسلسل دباؤ برقرار رکھیں۔

حکومت کی اب ترجیح معاشی استحکام سے پائیدار اور جامع اقتصادی ترقی کی جانب منتقلی ہے، اورنگزیب

وزیر خزانہ سے نائب صدر اے ڈی بی کی ملاقات، چھوٹے کاروباری اداروں بارے گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب سے ایشیائی ترقیاتی بینک کے نائب صدر ینگ منگ یانگ نے ملاقات کی، ملاقات میں اصلاحات، چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباری اداروں کے لیے رسائیِ مالیات اور برآمدات پر مبنی ترقی کے فروغ پر تبادلہ خیال کیا گیا۔اے ڈی بی نائب صدر نے پاکستان کی معاشی استحکام، خودمختار کریڈٹ ریٹنگ میں بہتری اور اصلاحاتی عمل میں پیش رفت کی تعریف کی۔ اے ڈی بی کی جانب سے پاکستان کے مالیاتی نظم و نسق اور مجموعی معاشی استحکام میں بہتری کو بھی سراہا گیا۔وزیر خزانہ نے کہا کہ حکومت کے اصلاحاتی ایجنڈے کے لیے اے ڈی بی کی مسلسل معاونت قابلِ تحسین ہے، مستحکم معاشی ترقی کے لیے ملکی وسائل کو متحرک (بقیہ 43 صفحہ 3 پر)

منشیات کیس، چین میں 12 سال قید کاٹنے والے پاکستانی شہری کی رہائی کا حکم

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائی کورٹ نے چین میں منشیات کے مقدمے میں گرفتار اور سزا یافتہ مجرم سید جلال حیدر کی رہائی کی درخواست منظور کرتے ہوئے اسے آج ہی رہا کرنے کا حکم دیدیا۔ بدھ کو اسلام آباد ہائی کورٹ کے جسٹس خادم حسین سومرو نے احکامات جاری کیے۔ درخواست گزار کی جانب سے وکیل حسنین حیدر صہیم نے کیس کی پیروی کی۔

ساحہ پمز میں مجرمانہ غفلت کے مرتکب اہلکاروں کو کوئی رعایت نہیں دی جائے گی، وزیر اعظم

متبادل دنوں میں پمز اسپتال میں اپنی موجودگی اور نگرانی میں اسپتال کی بہتری کیلئے اقدامات کروائیں، وزیر صحت کو ہدایت

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ ساحہ پمز میں مجرمانہ غفلت کے مرتکب اہلکاروں کو کوئی رعایت نہیں دی جائے گی، وزیر صحت اور سیکریٹری اپنی نگرانی میں اسپتال کی بہتری کیلئے اقدامات کریں۔میڈیا رپورٹ کیمطابق وزیر اعظم محمد شہباز شریف کا کرغستان سے وطن واپس پہنچتے ہی وزارت صحت کے امور اور پمز آتشزدگی واقعے کے حوالے سے ہنگامی اجلاس ہوا۔اجلاس میں وفاقی وزیر صحت سید مصطفیٰ کمال، وزیر اقتصادی امور احد خان چیمہ، سیکریٹری ہیلتھ کپٹن (ر) محمد محمود اور پمز اسپتال کے ایگزیکٹیو ڈائریکٹر ڈاکٹر محمد سلمان شریک تھے۔

سیکرٹری ثانوی تعلیم لعل جان جعفر پی ٹی ایس ایم سینز کے چیئرپرسنز اور ہیڈ ٹیچرز میں اسناد تقسیم کر رہے ہیں

راولپنڈی اور اسلام آباد میں تیز بارش، تمام اداروں کو ہائی الرٹ رہنے کی ہدایت

راول پنڈی میں گھر میں کرنٹ لگنے اور اسلام آباد میں چھت گرنے سے 2 افراد جان سے گئے

اسلام آباد (این این آئی) راولپنڈی اور اسلام آباد میں تیز بارش کے باعث تمام اداروں کو ہائی الرٹ رہنے کی ہدایت کردی گئی۔حکام کے مطابق سید پور میں 43، گولڑہ 5، پی ایم ڈی میں 43، نیو کٹاریاں 12، پیرودھائی 4 اور شمس آباد میں 2 ملی میٹر بارش ریکارڈ کی گئی۔ڈپٹی کمشنر راولپنڈی نے تمام اداروں کو ہائی الرٹ رہنے ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ شہر میں ریسکیو ایمرجنسی نافذ ہے۔

مکہ معاہدہ خطے اور دنیا میں امن اور استحکام کے حصول میں معاون ثابت ہوگا، ترک صدر

مکہ مشترکہ دفاعی معاہدہ خطے اور دنیا میں امن اور استحکام کے حصول میں اہم کردار ادا کرے گا، خطاب

بشکیک (این این آئی) ترک صدر رجب طیب اردوان نے اس بات کی تصدیق کی ہے کہ ترکیہ، سعودی عرب اور پاکستان کے درمیان طے پانے والا مکہ مشترکہ دفاعی معاہدہ خطے اور دنیا میں امن اور استحکام کے حصول میں اہم کردار ادا کرے گا۔عرب ٹی وی کے مطابق انہوں نے گزشتہ روز کرغزستان کے دارالحکومت بشکیک میں منعقدہ شنگھائی تعاون تنظیم کے سربراہان مملکت اور حکومتوں کے اجلاس میں (بقیہ 48 صفحہ 3 پر)

وزیر اعظم اپنا گھر پروگرام تیزی سے کامیابی کی منازل طے کر رہا ہے، خرم شہزاد

تعمیراتی شعبے کی اس لہر نے ملک کی چھوٹی اور درمیانی صنعتوں کو متحرک کر دیا ہے جس سے روزگار کے لاکھوں نئے مواقع پیدا ہو رہے ہیں

اسلام آباد (این این آئی) وزیر خزانہ کے مشیر خرم شہزاد نے کہا ہے کہ ملک میں کم آمدنی والے طبقے کو چھت کی فراہمی اور معاشی سرگرمیوں کو تیز کرنے کے لیے وزیر اعظم اپنا گھر پروگرام تیزی سے کامیابی کی منازل طے کر رہا ہے، یہ اب ایک خاندان کے لیے چھت، کاروبار کے لیے منافع، مزدور کے لیے روزگار اور مجموعی طور پر پاکستان کی پائیدار اور جامع معاشی ترقی کا ضامن بن چکا ہے۔ سماجی رابطے کی ویب سائیٹ ایکس پر ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ جون 2026 کے بعد سے اس سکیم کے تحت ہاؤسنگ فنانسنگ کی فراہمی اور تعمیراتی شعبے میں تاریخی پیش رفت دیکھنے میں آئی جس نے ملک کے اقتصادی منظرنامے کو نیا رخ دیا ،صرف دو ماہ کے مختصر عرصے میں پروگرام کے تحت قرضوں کی منظوری (بقیہ 47 صفحہ 3 پر)

سپریم کورٹ کے ججز کی اسپیکر بلوچستان سے ملاقات، صاحبزادے کے انتقال پر تعزیت

کوئٹہ (این این آئی) سپریم کورٹ کے ججز لی اسپیکر بلوچستان سے ملاقات، صاحبزادے کے انتقال پر تعزیت سپریم کورٹ آف پاکستان کے جسٹس محمد ہاشم خان کاکڑ اور جسٹس روزی خان بڑیچ نے بلوچستان صوبائی اسمبلی میں اسپیکر بلوچستان صوبائی اسمبلی یپٹن (ر) عبدالخالق خان اچکزئی سے ملاقات لی اور ان کے جواں سال صاحبزادے ثناء اللہ خان اچکزئی کے (بقیہ 33 صفحہ 3 پر)

تمبو میں ٹریفک حادثے میں زخمی ہونے والا نوجوان ہسپتال میں دم توڑ گیا

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) تمبو میں ٹریفک حادثے میں زخمی ہونے والا نوجوان ہسپتال میں دم توڑ گیا۔ پولیس کے مطابق تمبو کے علاقے سمجھو شوری میں روڈ حادثے میں زخمی ہونے والا نوجوان عزیز اللہ دوران علاج زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے دم توڑ گیا پولیس نے ضروری کاروائی کے بعد لاش ورثاء کے حوالے کردی

پیٹرول لیوی کے خلاف جدوجہد جاری، آج کی ملک گیر ہڑتال کے بعد آئندہ کا لائحہ عمل دینگے' حافظ نعیم الرحمٰن

اسلام آباد لانگ مارچ کی کال، اسلام آباد اور راولپنڈی میں دھرنے ملک بھر میں دھرنے پھیلانے کے آپشن موجود ہیں' پریس کانفرنس

کراچی (این این آئی) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا ہے کہ پیٹرول لیوی، آئی پی پیز مافیا اور بڑھتی ہوئی مہنگائی کے خلاف جماعت اسلامی کی عوامی جدوجہد اور تحریک جاری رہے گی۔

چیئرمین میونسپل کمیٹی سنجاوی حاجی خان محمد مرسول ہسپتال سنجاوی میں نئے ڈیٹل روم اور جدید ڈیٹل مشین کا باقاعدہ افتتاح کر رہے ہیں

بلوچستان کا مسئلہ طاقت سے نہیں، سیاسی آپشن اور بامعنی مذاکرات سے حل ہوگا، انجنی ہمید بلوچ

تربت (این این آئی) نیشنل پارٹی کے رہنما انجینئر حمید بلوچ نے کہا ہے کہ بلوچستان کے دیرینہ مسئلے کو طاقت، گرفتاریوں، دباؤ اور محض سیکیورٹی پالیسی کے ذریعے حل کرنے کی کوششیں ناکام ہوچکی ہیں۔

کھڈ کوچہ کے عوام اور زمینداروں کی جبری بے دخلی ناقابلِ قبول ہے

مستونگ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام ضلع مستونگ کیامیر شیخ الحدیث مولانا شبیر احمد عثمانی نے دیگر رہنماؤں نے سراوان پریس کلب مستونگ میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے تحصیل کھڈ کوچہ کی مقامی آبادیوں، زمینداروں اور باغات مالکان کو جبری بے دخل کرنے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ جمعیت علماء اسلام کھڈ کوچہ کے عوام کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑی ہے

وزیر اعظم اپنا گھر پروگرام تیزی سے کامیابی کی منازل طے کر رہا ہے، خرم شہزاد

تعمیراتی شعبے کی اس لہر نے ملک کی چھوٹی اور درمیانی صنعتوں کو متحرک کر دیا ہے جس سے روزگار کے لاکھوں نئے مواقع پیدا ہو رہے ہیں

اسلام آباد (این این آئی) وزیر خزانہ کے مشیر خرم شہزاد نے کہا ہے کہ ملک میں کم آمدنی والے طبقے کو چھت کی فراہمی اور معاشی سرگرمیوں کو تیز کرنے کے لیے وزیر اعظم اپنا گھر پروگرام تیزی سے کامیابی کی منازل طے کر رہا ہے، یہ اب ایک

پیٹرول لیوی کے خلاف جدوجہد جاری، آج کی ملک گیر ہڑتال کے بعد آئندہ کا لائحہ عمل دینگے' حافظ نعیم الرحمٰن

اسلام آباد لانگ مارچ کی کال، اسلام آباد اور راولپنڈی میں دھرنے ملک بھر میں دھرنے پھیلانے کے آپشن موجود ہیں' پریس کانفرنس

کراچی (این این آئی) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا ہے کہ پیٹرول لیوی، آئی پی پیز مافیا اور بڑھتی ہوئی مہنگائی کے خلاف جماعت اسلامی کی عوامی جدوجہد اور تحریک جاری رہے گی۔

چیئرمین میونسپل کمیٹی سنجاوی حاجی خان محمد مرسول ہسپتال سنجاوی میں نئے ڈیٹل روم اور جدید ڈیٹل مشین کا باقاعدہ افتتاح کر رہے ہیں

پی آر اے نے مالی سال کے ابتدائی 2 ماہ میں 54.8 ارب روپے اکٹھے کرلیے

گزشتہ مالی سال کی اسی مدت کے مقابلے میں 11.5 ارب روپے زائد ہیں' ترجمان

لاہور (این این آئی) پنجاب ریونیو اتھارٹی نے رواں مالی سال کے ابتدائی 2 ماہ میں 54.8 ارب روپے اکٹھے کرلیے جو گزشتہ مالی سال کی اسی مدت کے مقابلے میں 11.5 ارب روپے زائد ہیں۔ترجمان کے مطابق عوام کے ادا کردہ ٹیکسز میں خرد برد قانوناً جرم ہے اور جعلسازی کرنے والوں کے خلاف سخت کارروائیاں کی جارہی ہیں۔ علاوہ ازیں چیئرمین پنجاب ریونیو اتھارٹی معظم اقبال سپرا کی زیر صدارت ماہانہ ریونیو اہداف بارے اجلاس ہوا۔

سیکرٹری ثانوی تعلیم لعل جان جعفر کو پبلک پرائیویٹ پروجیکٹ مینجمنٹ یونٹ کے پروجیکٹ ڈائریکٹر نجیب اللہ ترین شیلڈ پیش کر رہے ہیں

عالمی مالیاتی نظام میں اصلاحات اور مصنوعی ذہانت سب کے لیے قابلِ رسائی بنانے کی ضرورت ہے، سیکرٹری جنرل اقوام متحدہ

ہمیں عالمی مالیاتی ڈھانچے میں اصلاحات لانی ہوں گی تاکہ انصاف اور مساوات کو فروغ دیا جاسکے

بشکیک (این این آئی) اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل انتونیو گوتریش نے عالمی مالیاتی نظام میں اصلاحات کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ ترقی پذیر ممالک بدستور ناقابلِ برداشت قرضوں کے بوجھ تلے دبے ہوئے ہیں۔اماراتی میڈیا کے مطابق انہوں نے کرغزستان کے دارالحکومت بشکیک میں شنگھائی تعاون تنظیم (ایس سی او) کے سربراہی اجلاس (بقیہ 46 صفحہ 3 پر)

سی سی ڈی سب انسپکٹر کو شہید کرنے والا ملزم پولیس مقابلے میں ہلاک کردیا گیا

ملزم نے سی سی ڈی سب انسپکٹر عدنان غیور کو فائرنگ کرکے شہید کردیا تھا، جس کے بعد ملزم موقع سے فرار ہوگیا تھا

اسلام آباد (این این آئی) سی سی ڈی سب انسپکٹر کو شہید کرنے والا ملزم عمر خان پولیس مقابلے میں ہلاک کردیا گیا۔ملزم عمر خان نے سی سی ڈی سب انسپکٹر عدنان غیور کو فائرنگ کرکے شہید کردیا تھا، جس کے بعد ملزم موقع سے فرار ہوگیا تھا۔ہلاک ملزم عمر خان پہلے بھی گرفتاری سے بچنے کیلئے سی سی ڈی کے ایک اہلکار پر فائرنگ کرکے فرار ہوچکا تھا۔

عظمی بخاری فیک ویڈیو کیس، بیان ریکارڈ، جرح کیلئے 12 ستمبر کی تاریخ مقرر

عظمی بخاری اور ملزمہ فلک جاوید کے درمیان کمرہ عدالت میں شدید تلخ کلامی، جج کا برہمی کا اظہار

لاہور (این این آئی) مقامی عدالت میں وزیر اطلاعات عظمی بخاری کی فیک ویڈیو کیس میں بیان ریکارڈ کرلیا گیا جس کے بعد جرح کے لئے 12 ستمبر کی تاریخ مقرر کردی گئی۔ضلع کچہری کے جوڈیشل مجسٹریٹ نعیم وٹو نے صوبائی وزیر عظمی بخاری کی فیک ویڈیو وائرل کرنے کے مقدمے کی سماعت کی۔

بلوچستان اسمبلی کا اجلاس آج سہ پہر تین بجے ہوگا

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان اسمبلی کا اجلاس آج سہ پہر تین بجے ہوگا۔ (بقیہ 31 صفحہ 3 پر)

یوم دفاع وشہداء، پشاور کے تعلیمی اداروں میں پاک فوج کے زیر اہتمام تقریبات

یوم دفاع وشہداء کی مناسبت سے ملی نغموں، ٹیبلوز اور تقریری مقابلوں کا بھی انعقاد کیا گیا، انعامات تقسیم

پشاور (این این آئی) یوم دفاع وشہداء کی مناسبت سے آئی سی ایم ماڈل سکول، پلے بی کیڈٹ کالج اور علی گڑھ ایجوکیشن سکول میں پُر وقار تقریبات کا انعقاد ہوا، جس میں یوم دفاع وشہداء کی مناسبت سے ملی نغموں، ٹیبلوز اور تقریری مقابلوں کا بھی انعقاد کیا گیا۔طلبہ وطالبات نے دفاع وطن کے لیے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے شہداء کو خراج عقیدت پیش کیا۔اس موقع پر پاک فوج کے افسران اور جوانوں نے بھی تقریبات میں شرکت کی اور طلبہ وطالبات کی حوصلہ افزائی کی۔

پاکستانی نوجوان نے 6 سال میں اپنی مدد آپ کے تحت ہیلی کاپٹر تیار کرلیا

صوبائی حکومت کا 6 ستمبر کو باجوڑ اسپورٹس کمپلیکس میں آزمائشی مظاہرے کے بعد اڑان کی اجازت دینے کا وعدہ

باجوڑ (این این آئی) خیبر پختونخوا کے ضلع باجوڑ کے ذہین اور باصلاحیت نوجوان نے 6 سال میں اپنی مدد آپ کے تحت ہیلی کاپٹر تیار کر لیا۔میڈیا رپورٹ کیمطابق سبحان اللہ نامی نوجوان نے محدود وسائل اور مشکلات کے باوجود 6 سال کی مسلسل محنت کے بعد اپنی مدد آپ کے تحت ہیلی کاپٹر تیار کیا۔حکومت نے 6 ستمبر کو باجوڑ اسپورٹس کمپلیکس میں آزمائشی مظاہرے کے بعد اڑان کی اجازت دینے کا وعدہ کیا ہے۔باصلاحیت نوجوان مقامی سطح پر لوگوں کی توجہ کا مرکز بن گی